پندرہ روزہ

قومی زبان

کراچی

یکم و ۱۶ مارچ ۶۳ء

انجمن ترقی اردو

انجمن ترقی اردو پاکستان کا پندرہ روزہ ترجمان

جلد نمبر ۲۲

شمارہ نمبر ۵-۶

قومی زبان

یکم و سولہ مارچ ۷۰ء

مدیر اعلیٰ
جمیل الدین عالی

مدیر
مشفق خواجہ

سالانہ قیمت :- .... دس روپے
فی شمارہ :- .... پچاس پیسے

انجمن ترقی اردو پاکستان - اردو روڈ - کراچی

مطبوعات انجمن ترقی اردو پاکستان

اردو روڈ کراچی - ۱

فرہنگ اصطلاحات جغرافیہ ۔

مرتبہ ابرار حسین صاحب قادری ایم ۔ اے لیکچرار جغرافیہ مسلم یونی ورسٹی علی گڈھ اس سے قبل انجمن علمی مصطلحات کے سلسلے میں تین جلدیں یعنی فرہنگ اصطلاحات کیمیا ، اصطلاحات طبیعیات اور اصطلاحات تاریخ و معاشیات و جغرافیہ شائع کر چکی ہے ۔ یہ اس سلسلے کی چوتھی جلد ہے ۔ قیمت ایک روپیہ ۔

فرہنگ اصطلاحات فلکیات ۔

یہ علمی اصطلاحات کی پانچویں جلد ہے ۔ ان فرہنگوں میں انگریزی اصطلاحات کے مقابل اردو مترادف دئے گئے ہیں ۔ اصطلاحات کے جمع کرنے میں بڑی تحقیق اور محنت سے کام لیا گیا ہے ۔ قیمت ایک روپیہ پچاس پیسے ۔

اصطلاحات کیمیا ۔

فن کیمیا (کیمسٹری) کی انگریزی اصطلاحات کے بالمقابل اردو اصطلاحات انجمن نے ماہرین فن کی ایک جماعت سے تیار کرائی ہیں حتی الامکان اردو اصطلاحات کو عام فہم بنانے کی کوشش کی گئی ہے ۔ صفحات کتاب ۱۲۰ دیباچہ کے علاوہ ۔ قیمت غیر مجلد دو روپے پچیس پیسے مجلد تین روپے ۔

وضع اصطلاحات ۔

یہ کتاب ملک کے نامور انشا پرداز و عالم مولوی وحید الدین سلیم مرحوم نے سالہا سال کے غور و فکر اور مطالعے کے بعد تالیف کی ہے ۔ یہ بالکل نیا موضوع ہے ۔ اس میں اصطلاحات کے ہر پہلو پر تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے ۔ اور اس کے اصول قائم کئے گئے ہیں ۔ دوسرا ایڈیشن ۔ قیمت پانچ روپے پچہتر پیسے ۔

ملنے کا پتہ

انجمن ترقی اردو، بابائے اردو روڈ کراچی - ۱

فہرست

اداریہ		۳
علمی اصطلاحات کے اردو ترجمے	ڈاکٹر شوکت سبزواری	۵
اس انجمن گل میں		۱۹
قائد اعظم اور اردو	میاں بشیر احمد	۲۱
بابائے اردو کا رسالہ "افسر"	محمد اکبر الدین صدیقی	۲۶
گرد و پیش		۳۱
نئی مطبوعات		۴۷
گنج ہائے گراں مایہ	افسر صدیقی امروہوی	۴۹
	۱۔ دیوان عیش ۔ مرزا علی عیش	
	۲۔ کرامات نامہ ۔ مصنفہ دائم	
	۳۔ مثنوی باغ ایمان ۔ مصنفہ تشفی	
	۴۔ مثنوی ایمان درپن مصنفہ الفت	
نئے خزانے	ابن حسن قیصر ۔ زاہدہ خاتون	۶۱
علمی اصطلاحات	حیاتیات قسط چہارم	۹۳

ادا ریہ

قومی تعلیمی فاؤنڈیشن ۔ ایک اہم تجویز

جہالت صرف قومی ترقی کی راہ میں ہی رکاوٹ نہیں پیدا کرتی بلکہ معاشرتی خرابیوں کی زیادہ تر ذمہ داری بھی اسی پر عائد ہوتی ہے تعلیم انفرادی اور اجتماعی مسائل کو بہتر طور پر حل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ تعلیم کی توسیع بجائے خود ایک بہت بڑا قومی مسئلہ ہے اسے حل کرنے کے لئے جہاں بے پناہ وسائل کی ضرورت ہے وہاں منصوبہ بندی مسلسل جدوجہد اور عزم و حوصلہ بھی درکار ہے۔ ہر سمجھدار محب وطن شخص کی یہی خواہش ہے کہ تعلیم عام ہو اور قوم بحیثیت مجموعی ہر شعبہ میں ترقی کرے۔ لیکن تعلیم کی توسیع کسی زندہ قوم میں صرف حکومت کا کام نہیں ہوتا بلکہ ملک اور قوم کے مختلف طبقے جہالت کے خلاف جہاد کرتے ہیں اور اس کو ختم کرنے کی ہر ممکن کوشش روا رکھتے ہیں۔ دامے درمے قدمے سخنے غرض کہ ہر فرد کسی نہ کسی اعتبار سے اس جدوجہد میں عملی طور پر شریک ہونا اپنا فرض سمجھتا ہے۔

صوبائی اسمبلی کے اسپیکر جناب مبین الحق صدیقی صاحب نے تعلیم کی اسی اہمیت کے پیش نظر قومی تعلیمی فاؤنڈیشن کی تجویز پیش کی ہے۔ آپ نے خیال ظاہر کیا ہے کہ اس قسم کا فاؤنڈیشن کم از کم پندرہ سے بیس کروڑ روپیہ کے سرمایہ سے شروع ہونا چاہیئے۔ اسپیکر صاحب نے سرمایہ کی فراہمی کے لئے ارباب ثروت پر ٹیکس عائد کرنے کا مشورہ دیا ہے۔

آپ نے فاؤنڈیشن کے قیام کی ضرورت بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت تنہا اپنے وسائل پر بھروسہ کرکے ساری آبادی کو تعلیم نہیں دے سکتی اگر حکومت تعلیم کا سارا بوجھ خود اٹھائے جو ایک بہت بڑا کام ہے تو اس سے دوسرے شعبوں کی ترقیاتی سرگرمیوں کے رک جانے کا احتمال ہے۔ آپ نے تعلیمی فاؤنڈیشن کے قیام کی ضرورت کو بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ اسے ایک خود مختار ادارے کے طور پر بورڈ آف ڈائرکٹرز کے تحت چلایا جائے۔

اس اہم تجویز کے مطابق تعلیمی فاؤنڈیشن واپڈا اور صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کی طرح ایک خود مختار ادارہ ہوگا۔ جس کا حکومت کے تعلیمی بجٹ سے کوئی سروکار نہیں ہوگا۔ فاؤنڈیشن کے فرائض کے مطابق یہ ادارہ ملک میں نئے اسکول کالج اور یونیورسٹیاں قائم کریگا۔ خواندگی کو فروغ دینے کے لئے مختلف ذرائع بروئے کار لائے گا۔ ہونہار طالب علموں کو وظائف اور بغیر سود کا قرض دیا جائیگا

اعلیٰ پائے کے ادیبوں شاعروں اور علماء کے تحفظ اور نگہداشت کا ذمہ دار ہوگا۔

اس کے علاوہ یہ ادارہ ماہرین تعلیم اور ثقافتی سرگرمیوں مثلاً کھیلوں اور نوجوانوں کی تعمیری سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کریگا۔ اس ادارے سے اسلامی درس گاہوں اور بنیادی جمہوریتوں کے تعلیمی منصوبوں میں بھی امداد دی جائیگی۔

جیسا کہ اس تجویز سے ظاہر ہے یہ ایک قابل قدر وسیع اور جامع تجویز ہے۔ جس کو پیش نظر رکھ کر عمل کیا گیا تو ہم خواندگی اور تعلیم کو زیادہ سے زیادہ اور سستے سے سستے طریقوں سے عام کرسکیں گے اور پاکستان سے جہالت کی بدبختی کو دور کرنے کی جدوجہد میں عملی حصہ بھی لے سکیں گے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ اہل ثروت اور خود حکومت پر اس کا کیا ردعمل ہوتا ہے۔

فلم اور ادب

فلم ایک ایسا وسیلہ ہے جس سے بڑے بڑے کام لئے جاسکتے ہیں۔ کیونکہ یہ واحد تفریحی ذریعہ ہے۔ جس سے عوام براہِ راست تاثر قبول کرتے ہیں۔ اس کی مقبولیت کو دیکھتے ہوئے یہ کہا جاسکتا ہے کہ ہم اس سے کسی بھی قوم کی ذہنیت بدلنے کا کام لے سکتے ہیں یہ اُمر موجب مسرت ہے کہ فلم بنانے والوں نے اب اس نکتے کو سمجھ لیا ہے ورنہ اس سے پہلے اُن کا مقصد صرف اتنا تھا کہ عام لوگوں کے لئے ایک ایسی تفریح مہیا کردی جائے جس کے ذریعہ زیادہ سے زیادہ مالی فائدہ حاصل ہو۔

ایک تازہ خبر ہے کہ تاجکستان فلم اسٹوڈیوز نے حال ہی میں شاہنامہ فردوسی کو ”پرچم آہن گر“ کے نام سے فلمایا ہے۔ یہ فلم روس میں بہت مقبول ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور فلم ”شاعر کی تقدیر“ کے نام سے تیار کی گئی ہے۔ جو فارسی شاعری کے باوا آدم رودکی سے متعلق ہے۔ اس فلم نے بھی بہت مقبولیت حاصل کی ہے۔ اس کی نمائش افرو ایشیائی میلے میں جو قاہرہ میں ہوا تھا کی گئی جہاں اس نے پہلا انعام حاصل کیا۔

ہم ادبی کارناموں کو پردۂ سیمیں پر پیش کرنے کے اس رجحان کا دلی خیر مقدم کرتے ہیں۔ اور یہ امید رکھتے ہیں کہ ہمارے یہاں بھی اعلیٰ ادبی کارناموں کو فلم کی صورت میں پیش کیا جائیگا تاکہ عوام بھی ان سے روشناس ہوسکیں۔ اور اس طرح اُن کی ذہنی اور جذباتی تربیت ہوسکے۔

مغرب نے اعلیٰ ادبی کارناموں پر مشتمل فلمیں بناکر فلم اور ادب کے رشتے کو مضبوط سے مضبوط تر کردیا ہے، لیکن اردو فلم سازوں نے ابھی اس طرف توجہ نہیں کی ہمارے ادب میں بہت سے فن پارے ایسے ہیں جن کو فلمایا جاسکتا ہے۔ کاش ہمارے فلم ساز اس طرف توجہ کریں۔ تاکہ ہماری ثقافتی زندگی کے بہت سے گوشے تاریکی سے محفوظ ہوجائیں۔

علمی اصطلاحات کے اردو ترجمے

(لسانی اصطلاحات کی روشنی میں)

ڈاکٹر شوکت سبزواری

علمی اور فنی اصطلاحوں کا اردو میں ترجمہ کرنے سے پہلے یہ طے ہوجانا چاہئے کہ اصطلاح کسے کہتے ہیں اور اس کے کیا معنی ہیں۔ تاکہ سب (All) بعض (Some) اور دل چسپی (Interest) جیسے زبان کے عام الفاظ (۱) جو روزانہ بات چیت میں برتے جاتے' ہر قسم کی تحریر و تصنیف میں جگہ پاتے اور ہر مقام پر ان کے وہی ایک معنی مراد لئے جاتے ہیں فرہنگ اصطلاحات میں شامل ہونے نہ پائیں۔ اصطلاح کے لفظی معنی ہیں اتفاق لیکن عرف عام میں وہ مصطلح یعنی متفق علیہ کے معنوں میں مستعمل ہے۔ ہم اصطلاح اس لفظ کو کہتے ہیں جس کے کسی خاص علم و فن میں لغوی معنی سے الگ کوئی مناسب معنی یا عام اور متعدد معانی میں سے کوئی ایک معنی متعین کر لئے جائیں' اور اس علم و فن کی متداول کتابوں میں وہ لفظ اپنے اس مخصوص معنی میں عام طور سے مستعمل ہو۔ مثلاً ''حرف'' کے معنی ہیں کنارہ۔ گرامر میں حرف ایک کلمہ ہے جس کے معنی مستقل نہ ہوں۔ ''فقہ'' کے معنی ہیں جاننا اور سمجھنا۔ دینیات میں فقہ علم دین یا شریعت کا جاننا ہے لغت میں یہ لفظ عام تھا اصطلاح میں خاص کر لیا گیا۔

ہونٹ' دانت' تالو' مسوڑھا' حلق، حنجرہ وغیرہ الفاظ کو لسانیاتی اصطلاحات میں شمار نہیں کیا جاسکتا اس لئے کہ یہ زبان کے عام الفاظ ہیں۔ بول چال میں ان

(۱) ملاحظہ فرمائے '' فرہنگ اصطلاحات فلسفہ '' شائع کردہ شعبہ تالیف و ترجمہ کراچی یونیورسٹی۔

کے وهی معنی هیں جو علم‌الاعضاء وتشریح اجسام میں هیں - ''لهوی'' ایک آواز هے جو ''لہاۃ'' یعنی کوے کی مدد سے ادا هوتی هے - یه اصطلاح هے - خود 'لہاۃ' کوئی اصطلاح نهیں - اسی طرح تحلیلی اصطلاح هے - تحلیل زبان کا عام لفظ هے - تلفظ' کلمه' مجهوره' مهموسه اصطلاحیں هیں - ان کے لفظی معانی ان کے اصطلاحی معنوں سے مختلف هیں - تقسیم، با معنی، انحراف، ترمیم، تحریر، ترسیل، اولی، ثانوی، جز، عمل عام استعمال هونے والے الفاظ هیں (۱) -

مختلف علوم و فنون کی اصطلاحوں میں فرق کرنا از بس ضروری هے تا که ایک فن کی اصطلاحیں دوسرے فن کی اصطلاحوں میں گڈ مڈ هونے نه پائیں - مثلاً تمثیل (Analogy) منطق کی اصطلاح هے - قوس (Segment) اور اساس یا قاعده (Base) ریاضیات کی اور استعاره (Metaphor) علم بیان کی - انهیں لسانیات کی اصطلاحات میں شامل هونا نه چاهئے - صوتیات' اشتقاقیات، معنویات' صرف' نحو' لسانیات کے اهم بنیادی شعبے هیں - تحریر یا رسم خط کا بھی کچھ تعلق لسانیات سے هے - ان علوم وفنون کی اصطلاحات کو فرهنگ اصطلاحات لسانیات میں جگه دی جاسکتی هے -

اصطلاح کی تشریح و تعیین کے بعد ترجمه کا مسئله سامنے آتا هے - سوال یه هے که ترجمے میں کس زبان سے مددلی جائے؟ کراچی یونیورسٹی کے شعبه ترجمه کے فاضل ارکان کی رائے هے :

> ''اصطلاح سازی میں عربی، فارسی، ترکی، هندی، سنسکرت اور ان تمام زبانوں سے مدد لی جائے جو هماری زبان کا جز هیں -''

سنسکرت سے مدد لینے کا سوال پیدا نهیں هوتا - سنسکرت هماری علمی زبان نهیں - هم سنسکرت نهیں جانتے - هماری زبان سنسکرت کے تهذیبی مزاج اور اس کی سرشت سے نا آشنا هے - سنسکرت کے ترجمے همارے یهاں رس بس نه سکیں گے - غیر منقسم هندوستان میں اردو کی گزشته سات سوسال کی تاریخ میں سنسکرت کے علمی و تهذیبی

(۱) ملاحظه فرمائیں '' زبان اور علم زبان'' کا ضمیمه اصطلاحات - اس مقالے میں جو مثالیں پیش کی گئی هیں وه تمام تر فرهنگ اصطلاحات فلسفه اور ضمیمه اصطلاحات سے ماخوذ هیں -

الفاظ اردو کو ساز گار نہ ہوئے تو پاکستان میں سنسکرت زبان کی علمی اصطلاحیں کس طرح اردو میں جڑ پکڑسکیں گی - فارسی سے البتہ مددلی جاسکتی ہے لیکن فارسی بر صغیر میں مسلمان کی تہذیبی زبان رہی ہے - علمی اصطلاحات کے بار کی شایدھی وہ متحمل ہو - علمی زبان کے لئے جس نوع کی ثقاہت، سنجیدگی، متانت اور بھاری بھرکم پن درکار ہے وہ صرف عربی میں ہے - عربی دنیائے اسلام کی علمی زبان ہے - ہر خطے کے مسلمان نے اس سے استفادہ کیا اور اس کے علمی ذخیروں سے فیض اٹھایا - اردو برابر اپنی کم مایگی اور تہی دامنی کا علاج عربی الفاظ و مرکبات سے کرتی رہی ہے - اردو کے لیے عربی کی وھی حیثیت ہے جو انگریزی کے لئے لاطینی کی ہے - اردو میں عربی کے سوا کسی اور زبان کے اصطلاحی الفاظ کے رچنے پچنے اور گھل مل جانے کی گنجائش مجھے نظر نہیں آتی - دو ایک مثالیں پیش کرتا چلوں -

language کا ترجمہ زبان خاصا بھلا معلوم ہوتا ہے لیکن linguistic کا ترجمہ زبانی (بجائے لسانی) شایدھی پسند کیا جائے - Dental کا ترجمہ 'اسنانی' دندانی سے زیادہ ثقہ اور Lateral کا ترجمہ منحرف (= حرف یعنی پہلو کی طرف مائل) پہلوی سے زیادہ با معنی اور پر وقار ہے -

'گردان' 'بولی' وغیرہ فارسی ہندی ترجمے اردو میں رائج ہوچکے ہیں - یہ باقی رکھے جاسکتے ہیں - فارسی اردو کے رائج ترجموں کو چھوڑ کر باقی تمام اصطلاحات کے ترجمے عربی کی مدد سے ہونے چاہئیں -

اس سلسلے کا ایک اور رجحان' جسے غیر منقسم ہندوستان میں برگ و بار لانے کا زیادہ موقع ملا ہے ' یہ ہے کہ عربی ہندی یا فارسی ہندی کے میل ملاپ سے اصطلاحیں وضع کرکے الفاظ واصطلاحات کی گویا متحدہ قومیت کا ڈول ڈالا جائے - یہ رجحان علمی اور ادبی نقطۂ نگاہ سے مستحسن قرار نہیں دیا جاسکتا - لفظوں کو جوڑنے اور دو مختلف زبانوں کے الفاظ میں پیوند لگانے کے لئے ان میں صوتی مناسبت اور ایک طرح کی مزاجی ہم آہنگی ہونی چاہئے تاکہ مرکب الفاظ گھل مل کر ایک ہوجائیں اور زبان پر بار اور کانوں کو ناگوار نہ ہوں - انمل جوڑ بے جوڑ

هوں گے اور پنپنے نہ پائیں گے۔ جیسے :

اجنسیائی (ا + جنس + یا + ئی) باز دھرائی (باز + دھرا + ئی) چٹکار اصوات (چٹکار + اصوات) صوت تانت (صوت + تانت) سورت نگاری (سورت + نگار + ی) اھکاری (ا + ھکار + ی) ۔

کراچی یونیورسٹی کے ارکان شعبہ ترجمہ و تالیف نے ایک طرف یہ تسلیم کر لیا ہے کہ ''اصطلاح زبان اور فن کے لحاظ سے موزوں ہو۔'' دوسری طرف فرماتے ہیں:

''ضرورت ہو تو ہندی الفاظ کے ساتھ عربی فارسی کا جوڑ اور سابقے لاحقے لگائے جائیں۔''

سوال یہ ہے کہ ''ہندی الفاظ کے ساتھ عربی فارسی جوڑ'' کے بعد کیا کوئی اصطلاح زبان کے لحاظ سے موزوں ہوسکتی ہے ؟

انسان کی طرح زبان کا بھی مزاج ہوتا ہے جس کا وضع اصطلاحات کے وقت بہر حال خیال رکھنا چاہئے ۔ عام بول چال کے الفاظ پر تو کسی کا اجارہ نہیں۔ جو لفظ عوام کی ٹکسال سے چل نکلا وہ رائج الوقت سکہ ہے۔ اصطلاح سازی البتہ اہل علم کا کام ہے۔ یہ ان کے اختیار میں ہے کہ وہ زبان کے مزاج و منہاج کی مناسبت سے اصطلاحیں وضع کریں ۔ اصطلاح میں جو عظمت اور ایک طرح کی گمبھیرتا ہوتی ہے اس کا تقاضا ہے کہ اصطلاحی الفاظ صوتی لحاظ سے موزوں، قواعد زبان کے مطابق، بناوٹ میں بھاری بھرکم اور دلالت معنی کی رو سے مناسب ہوں ۔ ہرچند فارسی الفاظ کے آخر میں نسبت کی 'ی' لاحق کرکے ہزاری، بزاری جیسے الفاظ عام طور سے اردو میں وضع کئے جاتے رہے ہیں لیکن مستند علمی زبان میں فارسی الفاظ پر یائے نسبت کا اضافہ ثقاہت کے خلاف ہے۔ جیسے خردی (خرد + ی) پہلوئی (پہلو + ئی) لبی (لب + ی) دولبی (دو + لب + ی) وغیرہ۔ اور ان وضع کردہ الفاظ پر عربی کی ''ۃ'' داخل کرنا یا ٹھیٹ ہندی الفاظ پر 'ی' بڑھانا ایسا ہے جیسے کریلا اور نیم چڑھا مثلاً جوڑا جوڑی (جوڑا + جوڑ + ی) تالوی (تالو + ی) دانت بیٹھکی (دانت + بیٹھک + ی) تالویہ (تالو + ی + ہ) خردیت (خرد + ی + ۃ) ۔

عربی سے لی جائے یا فارسی سے اصطلاح کو کم سے کم زبان کے صرفی نحوی قاعدوں کے مطابق ہونا چاہئے ۔ لہاۃ (= کوا) عمق (= گہرائی) معنی (=مفہوم) عربی زبان کے الفاظ ہیں ۔ عربی گرامر کے مطابق "لہاۃ" سے "لہوی" بنتا ہے 'لہاتی' غلط ہے ۔ عمق سے عمقیت (عمق + ی + ۃ) تو ہوسکتا ہے "عمقت" درست نہیں ۔ "معنی" کی طرف نسبت کی جائے تو معنوی بنے گا اور اس پر "ات" بڑھا کر معنویات (Semantics) کہیں گے ۔ "معنیاتی" (معنی + ات) یعنی بہت سے معنی بے محل بھی ہے اور بے معنی بھی اس لئے کہ بہت سے معنی کوئی فن نہیں معنی سے متعلق بہت سے مسائل والا فن ہے ۔ حد کبری اور حد صغریٰ قواعد نحو کے اعتبار سے غلط ہے ۔ حد اکبر اور حد اصغر چاہئے ۔ "فنون صغیر" کی جگہ "فنون صغیرہ" صحیح ہے ۔

اصطلاحات عموماً مفرد ہوتی ہیں ۔ جہاں تک ممکن ہو مفرد اصطلاح کا ترجمہ مفرد لفظ سے کیا جائے ۔ مرکب اصطلاحیں بھی ہیں لیکن کم ۔ یہ دو طرح کی ہیں ۔ کچھ ایسی ہیں جنہیں آسانی کے ساتھ ایک لفظ میں منتقل کیا جا سکتا ہے ۔ انہیں ایک سے زیادہ لفظوں میں منتقل کرنا درست نہیں خصوصیت سے اس صورت میں کہ ان کے ہم معنی مفرد اصطلاحیں پہلے سے رائج ہوں ۔ جیسے :

major premise اور minar premise یا major term اور minor term پہلی دو اصطلاحوں کا ترجمہ 'مقدمہ کبریٰ' اور مقدمہ صغریٰ کی جگہ صرف کبریٰ' صغریٰ' اور بعد کی اصطلاحوں کا اکبر (بجائے حد اکبر) اصغر (بجائے حد اصغر) ہونا چاہئے ۔ جن اصحاب نے عربی زبان میں منطق پڑھی ہے وہ جانتے ہیں کہ منطق کی متداول کتابوں میں صغریٰ' کبریٰ' اصغر' اکبر وغیرہ اصطلاحیں عام طور سے استعمال ہوئی ہیں ۔ حد اوسط' کو البتہ تنہا اوسط نہیں کہتے اس لئے Middle term کا ترجمہ حد اوسط ہوسکتا ہے ۔ کچھ مرکب اصطلاحیں ایسی بھی ہیں جنہیں ایک لفظ میں بآسانی منتقل نہیں کیا جاسکتا ۔ جیسے: Phonetic 'Agent Noun 'Vocal Chords Decay وغیرہ ۔ انہیں مناسب مرکبات کی شکل میں منتقل کیا جائے ۔

ان کے علاوہ جن مرکبات کو اصطلاح کی حیثیت حاصل نہیں ان کے اجزا کا

اولاً الگ الگ ترجمہ کرنا اور پھر جوڑ کر بصورت ترکیب اردو میں منتقل کرنا طول لا طائل ہے۔ بہتر یہ ہے کہ مفردات یعنی اجزا کا ترجمہ کردیا جائے۔ اس کے بعد قاری کی ذہانت پر اعتماد ہوکہ جب اس کے سامنے دو لفظوں کا کوئی جوڑ آئے تو حسب ضرورت زبان کے مقررہ قاعدوں کے مطابق اسی قسم کا ایک مرکب ڈھال لے۔ مثلاً Law اور Polarity کا ترجمہ اگر قاری کو معلوم ہے تو Law of Polarity کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ Phonetic کے معنی بتادئے جائیں تو Phonetic Change کا مطلب نکالا جاسکتا ہے۔ Metaphysics اور Deduction اپنی اپنی جگہ واضح ہوں تو اس کی ضرورت نہیں کہ Metaphysical Deduction کا ترجمہ بتایا جائے یا Deduction اور Category کے ترجمے کے بعد Deduction of Category کا ترجمہ درج کرکے ہندی کی چندی کی جائے۔ یہ تطویل لاطائل ہی نہیں تحصیل حاصل بھی ہے۔

فرہنگ اصطلاحات میں ورنر کا قانون' گرم کا قانون' گراس مین کا قانون، قانون ہابر' جالینوسی شکل جیسی ترکیبیں نظر پڑتی ہیں تو حیرت دل کے دامن کو کھینچتی ہے کہ خدایا! یہ کس قسم کے ترجمے ہیں اور ان کا اصطلاح سازی سے کیا تعلق ہے! قانون اور شکل کا ترجمہ کرنے کے بعد یہ کیا ضرور تھا کہ ورنر' گرم' گراس مین ہابر اور جالینوس وغیرہ علمائے فن کے ناموں کی طرف اضافت کرکے بتایا جاتا کہ اس طرح مرکبات بناؤ۔

غیر ضروری مرکبات کے ترجموں کی کچھ اور مثالیں فرہنگ اصطلاحات فلسفہ و لسانیات سے انتخاب کرکے لکھی جارہی ہیں:—

فلسفہ' لغت ، فلسفہ' قانون ، لغت سائنس ، منطقی تجربیت، معروضی اخلاقیات ، آلاتی قدر ، ماورائی تصوریت ۔ ماورائی طریقہ ، ماورائی فلسفہ ، ماورائی ثبوت ۔ منطقی نحو ، ترکیبی حکم' تجربی صوتیات' صوتی جدول' کلام کا بہاؤ' گولایا ہوا مصوتہ' بندمصوتہ' کھلا مصوتہ' مصوتہ کی تدریج' مصوتہ کی ہم‌آہنگی' وسطی مصوتہ' ہم‌محلی مرکب ، جوڑا جوڑی مرکب' تاریخی لسانیات' تقابلی لسانیات' موسیقانہ (موسیقیانہ) لہجہ ۔

یہ درست ہے کہ فن کی جو اصطلاحیں قدیم سے چلی آرہی ہیں انہیں برقرار رکھا جائے - لیکن ان میں موزوں ناموزوں اور مفید و غیر مفید کی تفریق مناسب نہیں - قدیم سے جو اصطلاحیں چلی آرہی ہیں ' فن کی کتابوں میں عموماً برتی جاتی ہیں ، اور زبان میں اچھی طرح رس بس گئی ہیں وہ موزوں ہی نہیں مفید بھی ہیں۔ زبان میں گھل مل گئی ہیں اس لئے موزوں ہیں ہر شخص آسانی کے ساتھ ان کا مطلب سمجھ لیتا ہے اس لئے مفید ہیں - اور موزونیت و افادیت کا معیار یہ ہے کہ اصطلاح زبان میں گھل مل کر اس کا جز بن جائے اور اس کا مفہوم سمجھنے میں کسی کو کوئی دقت پیش نہ آئے - مثلاً Nasal کا ترجمہ ،غنہ ' اردو میں عام ہے اور ہر شخص اسے جانتا پہچانتا ہے - ' انفی ' کے مقابلے میں یہ موزوں بھی ہے اور مفید بھی۔ Nasalised کو مغنونہ کہیں گے۔ " انفیائی ،، نامانوس ہے۔ Lateral خود منحرف کا ترجمہ ہے اس کو چھوڑ کر 'پہلوی' ایک نیا لفظ گھڑنے کی کیا ضرورت ہے جس کی افادیت اور موزونیت دونوں مشکوک ہیں -

یہاں سے ایک اصول یہ دریافت ہوا کہ اصطلاحات کا ہماری زبان میں کوئی قدیم ترجمہ موجود نہ ہو تو نیا لفظ وضع کیا جائے - وضع اصطلاح میں عموماً لغوی معنی کو سامنے رکھ کر اس کا لفظی ترجمہ کردیا جاتا ہے - جیسے Cerebral (مخی) lateral (پہلوی) aspirates (منفوس ' نفسی) Voiced (مصیت) وغیرہ - یہ درست نہیں لغوی معنی کی جگہ اصطلاحی معنی کو پیش نظر رکھ کر ایسا لفظ وضع کرنا چاہئے جو اصطلاحی مفہوم کو واضح کردے اور اتنا روشن ہو کہ مزید تشریح و تعریف کی ضرورت پیش نہ آئے - ترجمے کا مقصد اصطلاح کی توضیح ہے جو اصطلاح کے لغوی مفہوم کی رعایت اور اس کے پابند لفظی ترجمے سے نہیں اصطلاحی مفہوم کو اردو میں منتقل کرنے سے حاصل ہوتی ہے - مثلاً مخی (= دماغی) سے ہمیں کوئی روشنی نہیں ملتی - اس کے مقابلے میں ملفوف (= لپٹے ہوئے) سے پتا چلتا ہے کہ یہ وہ آوازیں ہیں جن کو ادا کرتے وقت زبان الٹ جاتی اور لپٹ کر دھری ہو جاتی ہے - اسی طرح " منحرف" وہ آواز ہے (ل) کہ بوقت تلفظ زبان کے کناروں سے ہوا سر سرا کر نکل جائے voiced کا ترجمہ مصیت (= آواز دینے والا) اور مسموع (= سنا ہوا) کیا گیا ہے۔

مجہورہ ان سے بہتر ہے اس لئے کہ ان آوازوں میں ایک طرح کی جھنکار ہوتی ہے۔ اس مفہوم کو ادا کرنے کے لئے مجہور (= جہر اور جھنکار والا) سے بہتر لفظ ہماری زبان میں نہیں۔ اس کے مقابلے کی آوازیں کمزور اور دھیمی ہوتی ہیں۔ انگریزی میں انہیں (Unvoiced) کہتے ہیں۔ اہل اردو نے اس کا ترجمہ غیر مصیت (= جس کی آواز نہ ہو) کیا۔ یہ اصطلاح اور اس کا ترجمہ دونوں غیر واضح ہیں۔ ان سے آوازوں کی حقیقت بے نقاب نہیں ہوتی۔ میں نے مہموسہ (= دھیمی آواز والے) تجویز کیا ہے جو ان آوازوں کی حقیقت پر دلالت کرتا ہے۔ سنسکرت میں مجہورہ کو گھوش وت (= جھنکار والا) اور مہموسہ کو اگھوش وت کہتے ہیں۔

بہر حال اصطلاح کا اردو ترجمہ واضح موزوں اور مناسب یعنی اصطلاحی مفہوم کو بے نقاب کرنے والا ہونا چاہئے۔ میں نے لسانی اصطلاحات کے ترجموں میں تا بمقدور ان تمام اصول کو پیش نظر رکھا ہے۔ ترجمے کے ساتھ ساتھ جہاں تک ہوسکا میں نے اصطلاحات کی شرح اور ان کے لفظی معنوں کی وضاحت بھی کردی ہے اور بعض اصطلاحوں کے سنسکرت متبادل یا مترادف الفاظ لکھ دیئے ہیں تاکہ اردو اصطلاحوں کے سمجھنے اور ان کی لفظی و اصطلاحی حقیقت کی دریافت میں یہ معاون ہوں۔

فرہنگ اصطلاحات لسانیات

Ablative	مِنی (حالت)	من = سے
Ablaut	تعلیل مجہول	ردو بدل جس کی وجہ معلوم نہ ہو
Absolutive	حالیہ	کردنت
Accent	نقرہ	نقرہ = ضرب
Accoustic	سمعی	
Accusative	مفعولی (حالت)	کرم
Active	معروف (طور)	
Adessive (case)	مفعول معہ	
Adjective	صفت	
Adverb	متعلق فعل	
Affix	اضافہ	
Affricates	وقفیہ جاریہ	
Agent	فاعل	کرتا = کرنے والا
—Noun	اسم فاعل	
Agglutinative	اتصالی	
Aggregative (Compound)	عطفی (مرکب)	دوندو (سماس)
Allophone	ہم صوت	
Alphabets	ابتث۔ ابجد	ورن مالا
Alueolar	لثوی	لثہ (مسوڑھا) کی طرف منسوب
Analytical	تحلیلی	
Anaptyxis	تسہیل	''سور بھکتی'' مخلوط کو حرکت دے کر حروف کو الگ کرنا
Antithesis	تقابل	
Aorist	ماضی مطلق	
Apocope	ترخیم	
Article (definite)	آلہ تعریف	
—(indefinite)	آلہٴ تنکیر	
Articulation	ادا	
Articulor	مخرج	کرن، ستھان
Aspirates	ہائیہ	مہا پران
Assimilation	تجنیس ۔ ادغام	
Audition	سماع	
Augens	حرف تاکید	
Augment	اضافیہ	آپ سرگ

Auxiliary	معاون (فعل)	
Back formation	متاخر اشتقاق	
Bilabial	شفوی	شفہ" (ہونٹ) سے ادا ہونے والا
Bi-partite	ذو جزئین	دو جز والا
Case	حالت (اعرابی)	کارک
Causative	متعدی المتعدی	
Cerebral	لسان حنکی	مور دھنیہ
Close	مسدود	سم ورت
Cognate	قریب ۔ متجانس	
Componnd	مرکب	سماس
Conjugation	گردان	
Conjunct	مخلوطہ	سنیکت
Conjunction	عاطفہ	
Consonant	مصمت ۔ صحیح	وینجن
Dative	مفعولی ثانوی (حالت)	سمپر دان
Declension	انصراف	
Deformation	بگاڑ	
Degree	تفضیل	
Denominative	وضعی (فعل)	
Dental	اسنانی	دنتی
Derivation	اخذ ۔ اشتقاق	
Dialect	بولی	
Diminutive	مصغر (اسم)	
Diphthong	مرکب (مصوتہ)	
Dual	تثنیہ	
Elliptical	اختزامی (مرکب)	
Elision	حذف	
Ending	اختتامیہ	
Epenthesis	درج	
Etymology	علم الاشتقاق	
Etymen	ماخذ	
Euphemism	کنایہ	
Explosive (Mutes, stop) plosive	وقفیہ	سپرش
Extension	الحاق	
Finite (Verb)	حقیقی	
Flapped	تکریری	
Ericative	جاریہ	آوشمن
Formative	تعمیری	
Feminine	مونث	استری لنگ
Future	مستقبل	بھوشیہ
Gender	جنس	لنگ
Genealogical	نسلی	
Genitive	اضافی (حالت)	
Gerund	اسم مصدر	
Guttural	حلقومی	

Glottal	حلقی	کنٹھی
Haplology	تخفیف	
Hiatus	اجتماع	
Homophone	متشابه الصوت۔مشترک	
Illative (case)	مفعول الیه	انتہا اور حد بتانے والا
Imperfect	ناتمام	
Imperative	امر	
Implosive	موقوف	جدید صوتیات کی اصطلاح
Infinitive	مصدر	
Infix	دارجه	وسط کلمے میں اضافہ
Inflextion	تصریف	ہونے والا
Inflexional	تصریفی	
Instrumental	آلی (حالت)	
Interdental	بین اسنانی	
Interjection	فجائیه (حرف)	
Interrogative	استفہامیه (جمله)	
Intonation	ایقاع	
Intrusion	دخول	
Isolative	انفرادی	
Juxtapositional	ارتباطی	
Kymography	صوت نگاری	
Labial	شفوی	شفہ = ہونٹ (اوشٹھی)
Laryngal	حنجری	
Lateral	منحرف	
Lingual	لسانی	
Linguistics	لسانیات	
Liquid (Trilled)	مکرره	
Locative	ظرفی (حالت)	
Loan (Word)	دخیل	
Long (Vowel)	طویل ۔ ممدود	دیرگھ
Masculine	مذکر	پلنگ
Metathesis	قلب	
Mediae { Sonant / Voiced }	مجہورہ	
Melioration	معنوی ارتقا	
Monosyllabic	یک رکنی ۔ احادی المقطع	
Mood	صورت	
Morpheme	صیغه	
Morphology	علم الصرف	
Mutation	ابدال	
Mutes (Stops)	وقفیه	
Nasal	غنه	ناسکی، انو ناسک
Nasalised	مغنونه	
Negative	منفی	
Neutral	بے جنس	

Nominative	فاعلی (حالت)	
Noun	اسم	
Number	عدد	
Oblique	محرف ۔ مغیرہ (حالت)	
Onomatopoeic	حکائی	کسی آواز کی نقل میں وضع کردہ وورت
Open (Vowel)	منفتحہ	
Optative	دعائیہ (جملہ)	
Orthography	علم التحریر	
Palatal	حنکی	حنک (= تالو) + ی (نسبت)
Palatogram	مخرج نگار (آلہ)	
Participle	حالیہ	
Particle	حرف	
Passive	مجہول (طور)	
Past	ماضی	
Pause	وقفہ	
Pejoration	تنقیص	
Perfect	تمام	
Person	فاعل	
Pharyngal	اقصا حلقی	اقصا۔پچھلا
Philology	فیلالو جیا ۔ علم اللسان	
Phoneme	صوتیہ	
Phonemics	علم صوتیہ	
Phonation	صدا	
Phonetic	صوتی	
—Decay	نحت، تخریب صوتی	
Phonetics	صوتیات	
Phonology	علم صوت	
Phrase	فقرہ	
Portmanteau-word	اختزامی (مرکب)	وہ مرکب جس کے اجزا کا کچھ حصہ ساقط ہو جائے
Possessive (Genitive)	اضافی حالت	
Post-position	صلہ	فعل کو اسم سے ملانے والا
Plosive (Stop)	وقفیہ	
Prefix	سابقہ	
Preposition	صلہ	
Present	حاضر، حال	
Primitive	قدیم	
Pronominal	مبہماتی	
Pronunciation	تلفظ	اُچارن
Proto form	ماقبل۔اصلی	
Punctuations	رموز اوقاف	
Radical	بنیادی	
Redupticated	تکریری	
Retroflex	ملفوف	
Rolled (Trilled)	مکررہ	(ر، ل)

Root	ماده	
Rounded	مدور	
Semantic, Semasiology	معنویات،	
Semology	علم المعانی	
Semi-vowels	نیم مصوته-لینه	(ی، و) + انتستھ
Short (Vowel)	قصیر، مقصور	هرسو
Sibilant	صفیریه	
Sonants (Voiced)	مجهوره	
Sounds	اصوات	
Specialisation	تخصیص	
Spirants	هوائیه-صفیریه	(ح خ ع غ ث، ذ، ف، و)
Stem	مشتق منه	
Stops	وقفیه	
Substantive	اسم	
Suffix	لاحقه	
Surd (unooiced)	مہموسه	
Syllable	مقطع - رکن	
Syntagm	ترکیب	
Syntax	نحو	
Tense	گردان	
Tenuis (unvoicede)	مہموسه	
Terminational	اختتامی	
Tone	لہجه	
Trilled (Rolled)	مکرره	(ر، ل)
Tatsama	دخیل	
Tadbhawa	مولد	
Umlaut	تعلیل معروف	ردوبدل، جس کی وجه بتائی جاسکے
Unaspirated	غیر هائیه	
Unvoiced	مہموس	
Uvular	لہوی	
Variant	لغت	
Variation	تعبر	''جھوامولیا،، تالو کے نرم حصے سے ادا ہونے والے (ص،ط، ض، ظ)
Velar	غشائی	
Velarised	مطبق	
Verb	فعل	
Vocal	صوتی	
—Cords	سلک صوتی	
Vocalic	مصوتی	
Vocative	ندائیه	
Voice	طور	
Voiced	مجہوره	گھوش وت
Vowel	مصوته	سور
Word	کلمه	اکشر

سہ ماہی

اُردُو

کا

بابائے اُردو نمبر

شائع ہوگیا ہے

چند لکھنے والے

ڈاکٹر سید عبداللہ ۔ ڈاکٹر ریاض الحسن ۔ ڈاکٹر عبادت بریلوی ۔ دیوان سنگھ مفتون ۔ پروفیسر حمید احمد خاں ۔ ڈاکٹر طاہر فاروق ۔ ڈاکٹر سلام سندیلوی ۔ پروفیسر سید محمد ۔ خواجہ تہور حسین ۔ سید مبارزالدین رفعت ۔ غلام ربانی ۔ انور عنایت اللہ ۔ ڈاکٹر اعجاز حسین ۔ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں ۔ ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ ۔ حامد اللہ افسر میرٹھی ۔ ڈاکٹر سید ظہیرالدین مدنی ۔ ڈاکٹر محمد حسن ۔ اسلوب احمد انصاری ۔ غلام احمد فرقت کاکوروی ۔ ڈاکٹر رحیم الدین کمال ۔

قیمت ۵ روپے

ملنے کا پتہ

انجمن ترقی اردو (پاکستان)

اس انجمن گل میں

(انجمن کا خبر نامہ)

بزم قانون، اردو کالج کے نام صدر انجمن کا پیغام

صدر انجمن ترقی اردو جناب اختر حسین صاحب نے بزم قانون کے نایب صدر کو ایک پیغام میں "القانون" کے نام سے ایک علمی مجلہ شائع کرنے پر مبارکباد دی ہے۔ اور یہ کہا ہے "ہماری قومی زندگی میں تعلیمی محاذ پر اردو کالج جو اہم کام انجام دے رہا ہے مجھے امید ہے یہ مجلہ اس کام کی افادیت کا دائرہ وسیع کرے گا۔"

آپ نے آگے چلکر لکھا ہے کہ "قانونی معاملات سے اردو کا تعلق گہرا اور قدیم ہے۔ اردو ایک عرصہ سے متحدہ ہندوستان کی قانونی زبان رہی ہے اور آج بھی پاکستان کے بیشتر حصوں میں عدالتی معاملات میں اس سے استفادہ کیا جاتا ہے۔"

آپ نے مزید کہا ہے "قانونی موضوعات سے متعلق کتابوں کی بھی اردو میں کمی نہیں۔ جامعہ عثمانیہ کے تراجم کے علاوہ دیگر اداروں اور افراد کی کوششوں سے اس میدان میں خاصا کام ہو چکا ہے۔ کتابوں کے ساتھ ساتھ ایسے رسائل کی بھی اشد ضرورت ہے۔ جن میں آسان اور عام فہم زبان میں قانونی معاملات پر بحث کی جائے۔"

آپ نے اپنے پیغام کے آخر میں فرمایا ہے۔ "القانون کی اشاعت ایک اعتبار سے وقت کی ایک اہم ضرورت ہے اور مجھے امید ہے یہ رسالہ اپنے جواں سال کارکنوں کی کوششوں سے اپنے مقاصد میں کامیاب ہوگا۔"

اردو کالج اسٹوڈینٹس پارلیمنٹ کے اسپیکر کے نام مغربی پاکستان اسمبلی کے اسپیکر کا پیغام

اردو کالج اسٹوڈینٹس پارلیمنٹ کے اسپیکر کے نام جناب مبین الحق صاحب اسپیکر مغربی پاکستان اسمبلی نے ایک پیغام میں کہا ہے کہ اردو ہماری قومی زبان ہے اور ہمیں اس کی ترقی میں حصہ لینا ہے۔

مبین الحق صاحب نے عوام پر زور دیا ہے کہ وہ زندگی کے ہر شعبے میں اردو کو استعمال کرنے کی عادت ڈالیں۔ انہوں نے اپنے

پیغام میں اردو کی ترقی کی کوششوں میں اردو کالج اور انجمن ترقی اردو کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔

"افکار عبدالحق" پر صدر انجمن ترقی اردو کا اظہار خیال

صدر انجمن ترقی اردو جناب اختر حسین نے "افکار عبدالحق" کی مرتب آمنہ صدیقی کو بابائے اردو کی نمائندہ تحریروں کا انتخاب شائع کرنے پر مبارکباد دی ہے اور ان کے نام ایک خط میں لکھا ہے " بابائے اردو مرحوم کے افکار وخیالات کو" افکار عبدالحق " میں بڑی خوش اسلوبی سے یکجا کر دیا گیا ہے اور اس کتاب کے مطالعے سے بابائے اردو کے ذہنی رجحانات تک بآسانی رسائی ہو سکتی ہے۔ آپ نے امید ظاہر کی ہے۔ کہ " یہ کتاب بابائے اردو پر کام کرنے والوں کے لئے مشعل راہ ثابت ہوگی۔"

طالبہ کی ناگہانی وفات پر اظہار تعزیت

مجلس احباب اردو کالج کے ایک ہنگامی اجلاس میں بی۔ اے فائنل کی طالبہ آمنہ انیس فاطمہ کی ناگہانی وفات پر انتہائی رنج وغم کا اظہار کیا گیا اور مرحومہ کے لئے مغفرت اور لواحقین کے صبر جمیل کی دعائیں مانگی گئیں۔

اردو تحقیق میں اہم اضافہ

اردو میں سوانح نگاری

از

ڈاکٹر سید شاہ علی

اس کتاب کو مجلس ترقی ادب لاہور نے سال رواں کا بہترین تنقیدی وتحقیقی کارنامہ قرار دیتے ہوئے دو ہزار روپے کے انعام کا اعلان کیا ہے۔

قیمت : سات روپے

گلڈ اشاعت گھر اسٹریچن روڈ۔ کراچی

میاں بشیر احمد
(ایڈیٹر ہمایوں)

قائدِ اعظم اور اُردو

قائدِ اعظم محمد علی جناح نے ہماری قوم کے لئے جو شاندار کام کیا اور جو کچھ وقتاً فوقتاً کہا ہمارے لئے ان باتوں کی بڑی اہمیت ہے۔ دنیا کی تاریخ میں وہ ان چند برگزیدہ ہستیوں میں سے ہیں جنہوں نے اپنے کارہائے نمایاں سے کسی خاص ملک یا قوم کے اندر انقلاب پیدا کر دیا۔ ایسا انقلاب جس سے حال و مستقبل پر ایک گہرا اثر پڑا۔ انگریزوں اور ہندوؤں کی سی دو ہوشیار اقوام کی خواہشات کے خلاف مسلمانانِ ہندسی تہی دست سست رو قوم کو جگانا اور اُبھارنا اور اُسے کارزارِ حیات کے لئے تیار کرنا کوئی معمولی کام نہ تھا۔

دنیا کی تاریخ شاہد ہے کہ جب کسی قوم یا گروہ کی حالت خراب اور خراب تر ہو جائے۔ جب کسی خطۂ زمین پر دُور دُور تک تاریکی چھا جائے۔ تو قدرت عموماً جلد یا بدیر ایک ایسے فرد کو پیدا کر دیتی ہے جو اپنے کردار کے بل پر ان خرابیوں کو خوبیوں میں تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو، جو اس گھپ اندھیرے میں اپنے ضمیر کا چراغ روشن کر کے اپنے ہم جنسوں کے ماحول کو تاباں بنا سکتا ہو۔ محمد علی جناحؒ ایک ایسی ہی غیر معمولی شخصیت کے مالک تھے۔ جب وہ پیدا ہوئے تو اسلامی ہند شبِ ظلمت میں غرق تھا جب وہ اس جہانِ فانی سے رخصت ہوئے تو یہ ظلمتیں، رہبرانِ قوم کی مساعی سے بالخصوص سید احمد خاں اور اقبال اور خود محمد علی جناح کی پیہم کوششوں سے خاصی حد تک دُور ہو چکی تھیں۔ اب کامیابی کا رستہ سجھائی دینے لگا تھا، اب یہ بعد کے رہنماؤں اور افراد کا کام تھا اور ہے کہ اس رستے کو جھاڑ جھنکاڑ سے صاف کرتے اور آگے بڑھتے چلے جاتے۔

قائدِ اعظم نے قومی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ اسلامی ہند کو اکتوبر ۱۹۴۱ء میں پیغام عید دیتے ہوئے انہوں نے کہا۔ "ہمارا اصول ہونا چاہیئے۔ ایمان۔ اتحاد اور انضباط!"

نومبر ۱۹۴۲ء میں انہوں نے پنجاب کے دورے میں مسلمان طلباء کو خطاب کرتے ہوئے کہا:

مسلمانوں کو تین چیزوں کی ضرورت ہے۔

تعلیم، تجارت اور تلوار۔"

گاندھی جی کے نام ۱۷ ستمبر ۴۴ء کے جوابی خط میں انہوں نے لکھا۔

"ہم ہندوستان کے مسلمان دس کروڑ افراد کی ایک قوم ہیں، بلکہ یہ حقیقت ہے کہ ہم ایک ایسی قوم ہیں جس کی اپنی ایک امتیازی تہذیب اور اپنا تمدن اور اپنی زبان اور ادب، اپنا آرٹ اور طرز تعمیر اپنے نام اور اصطلاحات اپنی تعداد اور اپنے قوانین اور اخلاقی ضابطے، اپنے رسم و رواج اور اپنی جنتری، اپنی تاریخ اور روایات اور اپنی صلاحیتیں اور خواہشات؟ مختصر یہ کہ زندگی کے متعلق ہمارا اپنا نظریہ اور نصب العین ہے۔ بین الاقوامی قوانین کے ہر معیار سے ہم ایک مستقل قوم ہیں۔"

اس تحریر میں "اپنی زبان" سے قائد اعظم کی مراد اردو تھی۔ اور اپنے اس خیال کو کئی دوسری جگہ واضح طور پر انہوں نے بیان کیا اور کہا کہ پاکستان کی قومی زبان اُردو اور صرف اُردو ہوگی۔

پاکستان بننے کے بعد ڈھاکہ میں ۲۱ مارچ ۴۸ء کو اپنی مشہور تقریر میں انہوں نے۔۔ "پاکستان کی حکومت کا ایک ہی مدعا ہو سکتا ہے۔ لوگوں کی خدمت اور کچھ نہیں۔ اور حکومت کو بدل دینا اب تمہارے ہی اختیار میں ہے لیکن تمہیں اس اختیار کا صحیح استعمال سیکھنا ہے۔ پس میں تمہیں مشورہ دونگا کہ ذرا صبر سے کام لو اور ارباب حکومت کا ساتھ دو پاکستان تعاون ہی سے مضبوط ہو سکے گا۔ کیا پاکستان حاصل کرنے کے بعد تم اب اسے اپنے ہاتھوں آپ ہی برباد کر دوگے۔ میرے نوجوان دوستو! پاکستان کے اصلی معمار تم ہو، تم سچے پاکستانی بنو اور اتحاد کا وہ سبق نہ بھولو جو تیرہ سو سال ہوئے تم کو سکھایا گیا تھا۔ تم سب مسلمان ہو، تم سب ایک قوم ہو، تم سب کا اب ایک ملک ہے۔ اس ملک کی زبان اردو ہوگی نہ کہ کوئی اور زبان۔ قومی اتحاد کے لئے ایک زبان کا ہونا ضروری ہے۔ پاکستان ہمارے ہاتھوں میں ایک مقدس امانت ہے پاکستان جو دنیا کی سب سے بڑی اسلامی مملکت ہے۔ سب سے مضبوط مملکت ہو جائیگی۔"

اسی سلسلے میں قائد اعظم نے کئی موقعوں پر اردو کے شاعر علامہ اقبال کی بیحد تعریف کی۔ مسلم لیگ کے اجلاس میں پاکستان کی قرارداد منظور ہونے کے بعد انہوں نے ۲۵ مارچ ۴۰ء کو یونیورسٹی ہال لاہور میں کہا،

اقبال نے ہندوستان کے مسلمانوں میں سیاسی و قومی شعور پیدا کرنے میں بڑی خدمت سرانجام دی ہے۔ اقبال دنیا بھر میں مشہور ہیں۔ اور ان کا شمار عظیم ترین شعراء میں ہوتا ہے۔ اور ہمیں اپنے ایسے بڑے شاعر اور ایسے بڑے آدمی پر بجا طور پر فخر ہے۔ اقبال میرے پرانے دوست تھے۔ جب میں اپریل ۳۶ء میں پنجاب میں آیا، تو پہلا شخص جس سے میں ملا وہ اقبال تھے۔ میں نے اپنے خیالات ان کے سامنے پیش کئے انہوں نے فوراً لبیک کہا اور اس وقت سے تادم مرگ اقبال ایک چٹان کی طرح میرے ساتھ کھڑے رہے۔ اقبال کی شاعری زندہ رہیگی، جب تک کہ اردو زبان زندہ ہے۔ مسلمانوں کے لئے اقبال شیکسپیئر سے بھی بڑا ہے کارلائل کی بابت مشہور ہے کہ جب اس سے کہا گیا کہ اگر تمہیں برطانیہ اور شیکسپیئر میں سے کسی ایک کو منتخب کرنے کا اختیار دیا

جائے تو تم کیا کرو گے، تو اس نے فوراً کہا کہ میں شیکسپیئر کو کسی قیمت پر نہ دوں گا۔ میرے پاس گو سلطنت نہیں ہے لیکن اگر مجھے سلطنت مل جائے، اور اقبال اور سلطنت میں سے کسی ایک کو منتخب کرنے کی نوبت آجائے تو میں بلا تامل اقبال کو منتخب کروں گا۔"

اس کے بعد پھر ۹ دسمبر ۱۹۴۴ء کو لاہور میں یوم اقبال منانے کی تقریب پر قائد اعظم نے پیغام بھیجا:

اگرچہ" اقبال آج ہم میں موجود نہیں۔ لیکن اس کی غیر فانی شاعری برابر ہماری رہنمائی اور ہمت افزائی کرتی ہے۔ اس کے کلام سے صاف ظاہر ہے کہ اسلامی تعلیمات سے اسے کس قدر وابستگی تھی، وہ رسول کریمؐ کا ایک سچا اور وفادار پیرو تھا وہ ایک مسلمان تھا، اوّل و آخر وہ اسلام کا شارح تھا اور اسلام کی آواز۔ اقبال محض ایک مبلغ اور فلسفی ہی نہ تھا وہ شجاعت اور قوتِ عمل، استقلال اور خود اعتمادی کا عَلَم بردار تھا اور سب سے بڑی بات یہ تھی کہ اسے خدا پر کامل ایمان اسلام سے دلی محبت تھی۔ اس کی شخصیت میں ایک شاعر کی تصوریت اور ایک عملی آدمی کی حقیقت پسندی دونوں کا امتزاج تھا، خدا پر بھروسہ، مسلسل اور ان تھک عمل اس کے پیغام کا لُب لباب ہے۔ نوعِ انسانی کے لئے اس کا پیغام ہے۔ عمل اور قوائے خودی کا حصول۔ اگرچہ وہ ایک بڑا شاعر اور فلسفی تھا، لیکن اس کے ساتھ ہی وہ ایک عملی سیاست داں بھی تھا۔ چنانچہ وہ ان چند افراد میں سے تھا جنہوں نے ہندوستان میں مسلمانوں کے لئے ایک قومی وطن بنانے کا تصور پیش کیا۔"

دیکھئے کس قدر واضح اور صاف لفظوں میں قائد اعظم نے قومی زبان اردو اور اردو کے عظیم الشان شاعر و مفکر اقبال کا ذکر ہے۔ قائد اعظم اگرچہ بالعموم انگریزی میں بات چیت کرتے اور لکھتے پڑھتے تھے۔ لیکن مسلمانان ہند کے واحد رہنما بننے کے بعد انہوں نے جان لیا کہ ہندوستان کے مسلمانوں کی قومی زبان کونسی ہے اور پھر پاکستان کے حصول کے بعد انہوں نے واضح طور پر یہ اعلان کر دیا۔ کہ پاکستان کی قومی زبان اردو اور صرف اردو ہوگی۔ پاکستان کی قرارداد کے بعد قائد اعظم نے خاص طور پر جیسے قرآن مجید، اسلامی تعلیمات اور اردو میں دلچسپی لینی شروع کی۔ اس کا راقم کو ذاتی علم ہے۔ چنانچہ کئی بار عوام کو خطاب کرتے ہوئے انہوں نے انگریزی کے بعد اپنی بقول خود "تانگے والوں کی اردو" میں بھی مختصر سی تقریریں کیں۔ اپنی خواہش اور ضرورت کے مطابق بعض دفعہ انہوں نے بطور ورکنگ کمیٹی مسلم لیگ کے ممبر کے مجھ سے چند انگریزی الفاظ اور جملوں کے اردو مترادفات دریافت کئے اور پھر ان کو اپنی تقریر وں میں استعمال کیا۔

قائد اعظم کی اردو ہمارے لئے کتنی شیریں تھی۔ یہ نہیں کہ ان کو اردو زبان پر پورا عبور تھا۔ بلکہ وہ اپنی قوم اور اس کی مشترک زبان سے محبت کرتے تھے۔ اور اس سے لگاؤ پیدا کرنا چاہتے تھے۔ کئی دوسرے لیڈروں سے زیادہ وہ خوب سمجھتے تھے کہ قومی اتحاد کے لئے جن چیزوں کی اشد ضرورت ہے۔ ان میں ایک اردو زبان ہے۔ اس لئے اسے بہت کم جانتے ہوئے بھی انہوں نے قوم کو تلقین کی کہ وہ اردو اور صرف اردو کو اپنی قومی زبان سمجھیں۔

قائداعظم کی اردو شیریں اس لئے معلوم ہوتی تھی کہ وہ ہمارے محبوب قائد کی اردو تھی۔ جس نے اپنی قوم کو دنیا میں معزز و ممتاز بنانے کے لئے برسوں شبانہ روز کوشش کی اور محنت کی۔

پھر کیا قوم کا اور ہم سب کا یہ اسلامی اور قومی فرض نہیں کہ ہم اپنی قومی زبان کو اپنی ضروریات کے مطابق قومی زندگی میں مناسب جگہ دیں۔ اسے عملاً کم از کم مغربی پاکستان کی مشترک اور سرکاری اور دفتری زبان اور تعلیم بنائیں۔ اس کے ساتھ ہم اپنی علاقائی زبانوں کو بھی جو ہم میں سے اکثروں کے گھر کی بولیاں ہیں ترقی دیں۔ لیکن اس کا پورا خیال رکھیں کہ ہم کوئی ایسا قدم نہ اٹھائیں۔ جس سے ہماری قومی زبان کو ضعف پہنچے یا اس کی ترقی و ترویج میں رکاوٹ پیدا ہو۔

اردو کا مسئلہ محض ایک علمی و ادبی مسئلہ نہیں یہ تو صریحاً ایک سیاسی اور قومی مسئلہ ہے۔ جس کی اہمیت ہمیں قائداعظم نے بتائی اور سمجھائی! اکبر الہ آبادی نے جو یہ بات کہی اس کا اطلاق ہم پر بھی ہوتا ہے۔

اس ملک کے کام ٹھیک ہونے کے نہیں اردو میں، جو سب شریک ہونے کے نہیں

میں یہ تقریر لکھ چکا تو میری نظر سے اسی موضوع پر دو کتابیں گزریں جن میں بہت دلچسپ اور مفید جو معلومات تھیں۔ بات یہ ہے کہ میری اس تقریر کے محرک پروفیسر حمید احمد خاں صاحب پرنسپل اسلامیہ کالج تھے اور میں نے ان سے کہا تھا کہ اگر آپ اس مضمون کے متعلق مجھے کوئی شائع شدہ کتاب یا مقالہ بھیج سکیں تو مجھے سہولت ہو جائے گی۔ دو کتابیں جن کا میں نے ذکر کیا ہے۔ انہیں کی طرف سے آئیں۔ میں نے دیکھا کہ یہ میرے کتب خانہ میں بھی موجود ہیں۔ اور میں ان کو چند سال ہوئے پڑھ چکا ہوں۔ لیکن عجیب بات ہے کہ بھول گیا۔ ایک ہے۔ "قائداعظم میری نظر میں" مولفہ صفیہ سلطانہ انور صاحب مطبوعہ ۱۹۵۳ء جس میں مختلف اصحاب نے قائداعظم کے متعلق اپنے تاثرات لکھے ہیں۔ اور دوسری ہے "اقوال دانش" جو قائداعظم کے ارشادات پر مشتمل ہے۔ پہلی کتاب میں بابائے اردو ڈاکٹر مولوی عبدالحق کا ایک بہت دلچسپ مضمون ہے "قائداعظم اور اردو" وہ لکھتے ہیں کہ ۱۹۳۷ء میں شملے سے قائداعظم کا ایک خط میرے نام آیا کہ مجھے یہ معلوم کر کے مسرت ہوئی کہ آپ قومی کام کر رہے ہیں۔ ان دنوں لکھنؤ میں مسلم لیگ کونسل کا اجلاس ہونے والا ہے اگر آپ وہاں آکر مجھ سے ملیں تو ممنون ہوں گا اس کے ایک دو روز بعد ہی علامہ ڈاکٹر اقبال اور میاں بشیر احمد بیرسٹر ایٹ لاء، ایڈیٹر ہمایوں کے خط آئے جن میں بہ تاکید یہ لکھا تھا کہ میں ضرور مسٹر جناح سے ملوں جہاں تک میرا تعلق ہے قصہ یہ ہے کہ جون یا جولائی ۱۹۳۷ء میں شملے میں مجھے مسٹر جناح نے (ہم اس وقت ان کو مسٹر جناح ہی کہتے تھے) بلایا اور یہ معلوم کر کے کہ میں اردو میں کچھ علمی ادبی کام کرتا ہوں۔ مجھ سے کہا کہ آپ مسلم لیگ میں بھی کچھ کام کریں۔ میں نے کہا کہ میں سیاست کے میدان کا مرد نہیں ہوں اور اپنے آپ کو صرف اردو علم و ادب کے سلسلے میں کچھ کام کرنے کے قابل سمجھتا ہوں انہوں نے کہا کہ اگر اردو کی بقا چاہتے ہو تو بہتر ہے کہ مسلم لیگ میں آکر اس بارے میں ہماری مدد کرو۔ میں نے کہا بہتر ہوگا کہ آپ مولوی عبدالحق صاحب کو لکھنؤ کے اجلاس میں آنے کی دعوت دیں۔ میں بھی حاضر ہو جاؤں گا۔ چنانچہ مولوی صاحب اور میں اور اردو کے بعض اور کارکن اکتوبر ۱۹۳۷ء میں لکھنؤ جا کر مسلم لیگ کے ستائیسویں سالانہ اجلاس میں شریک ہوئے۔ جہاں جیسا کہ مولوی صاحب نے اپنے مضمون میں لکھا ہے اردو کے متعلق ایک اہم قرار منظور کی گئی۔

اس کے بعد مولوی صاحب نے قائدِاعظم کو ۱۹۴۰ء میں انجمن ترقی اردو کے دہلی کے دفتر میں لنچ پر بلایا جہاں دونوں رہنماؤں کے درمیان اردو ہندی تنازعہ کے متعلق گفتگو ہوئی اس کے کچھ دنوں بعد اینگلو عربک کالج کے طلباء نے ان دونوں کو کھانے پر بلایا جہاں قائدِاعظم نے مولوی صاحب سے کہا آپ کو معلوم ہے کہ سب سے پہلے میں نے اردو میں کب تقریر کی اور کہاں کی؟ اور پھر بتایا کہ کئی سال پہلے بنگال میں ایک جلسہ انتخاب کے سلسلہ میں تقریر کرنے سے پہلے میں نے سر عزیز الحق سے پوچھا کہ اس مجمع میں انگریزی اور اردو سمجھنے والے کتنے ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ انگریزی سمجھنے والے پانچ سو اور اردو سمجھنے والے ڈیڑھ ہزار اس پر میں نے اردو میں تقریر کی جو میری پہلی اردو تقریر تھی۔ اس کے بعد ہنس کر کہا میری اردو تانگے والے کی اردو ہے اس کے بعد ۱۹۴۶ء میں مسلم کونسل کے اجلاس میں جب سر فیروز خان نون نے انگریزی میں تقریر کرنی چاہی اور اردو اردو کا شور اٹھا۔ اور انہوں نے کہا کہ مسٹر جناح بھی تو انگریزی میں تقریر کرتے ہیں۔ تو یہ سن کر قائدِاعظم اپنی کرسی پر سے اٹھ کھڑے ہوئے اور صریح اور صاف الفاظ میں فرمایا کہ سر فیروز خان نون نے میرے پیچھے پناہ لی ہے ہیذا میں اعلان کرتا ہوں۔ کہ "پاکستان کی زبان اردو ہوگی" اس پر تمام حاضرین نے بڑے جوش سے تالیاں بجائیں۔ اسی سال مولوی صاحب نے قائدِاعظم سے ملکر کہا کہ انجمن کی عمارت فنڈ کے لئے وہ نظام حیدر آباد سے کچھ دلوائیں انہوں نے کہا کہ میں عنقریب حیدر آباد جانے والا ہوں اس وقت میں بالمشافہ نظام سے فیاضانہ امداد کے لئے کہوں گا لیکن باوجود قائدِاعظم کی سفارش کے نظام نے کچھ نہ دیا۔ حیدر آباد میں دوسرے دن قائدِاعظم کی تقریر تھی۔ قریباً ایک لاکھ کا مجمع تھا قائدِاعظم نے بہت صاف اور اچھی اردو زبان میں تقریر کی۔ یہ تقریر قریباً پینتالیس منٹ تک رہی۔ بعد میں مولوی صاحب نے ان کو مبارکباد دی کہ آپ نے ایسی اچھی اردو میں تقریر کی۔ مجھے ہرگز توقع نہ تھی اور یہ بھی کہا کہ اب آپ کبھی یہ نہ کہئے گا۔ کہ میری اردو تانگے والوں کی اردو ہے۔

۱۹۴۷ء میں پاکستان بننے کے بعد مولوی صاحب نے انہیں کراچی میں انجمن کے دفتر کا افتتاح کرنے کی دعوت دی۔ لیکن معروفیات کیوجہ سے وہ تشریف نہ لا سکے اور لکھا کہ "میں کسی دوسرے موقع پر ضرور انجمن میں آؤنگا"

"اقوال دانش" یعنی قائدِاعظم کے ارشادات میں سے دو ارشاد سننے اور یاد رکھنے کے قابل ہیں۔ ۲۱ مارچ ۴۸ء کو انہوں نے ڈھاکہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا: "میں آپ کو صاف طور پر بتا دوں کہ پاکستان کی سرکاری زبان اردو ہوگی۔ اور صرف اردو جو کوئی آپ کو غلط راستے پر ڈالے وہ پاکستان کا دشمن ہے ایک مشترک قومی زبان کے بغیر کوئی قوم باہم متحد نہیں ہو سکتی ہے۔ پھر ۲۴ مارچ ڈھاکہ یونیورسٹی کے جلسہ تقسیم اسناد میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا۔ پاکستان کی مشترکہ قومی زبان جو مملکت کے مختلف صوبوں کے درمیان افہام و تفہیم کا ذریعہ ہو صرف ایک ہی ہو سکتی ہے اور وہ اردو ہے۔ اردو کے سوا کوئی اور زبان نہیں۔ ملک کی سرکاری زبان بھی ظاہر ہے اردو ہی کو ہونا چاہیئے۔ یہ وہ زبان ہے جسے برصغیر کے لاکھوں مسلمانوں نے پرورش کیا ہے اور جو پاکستان کے اس سرے سے اس سرے تک سمجھی جاتی ہے اور سب سے بڑھ کر یہ بات ہے کہ اردو میں اور صوبائی زبانوں سے کہیں زیادہ اسلامی تہذیب و ثقافت کا بہترین سرمایہ پایا جاتا ہے اور اردو ہی دوسرے اسلامی ملکوں کی زبانوں سے قریب تر ہے کیا ہمارے بعض "علاقائی" دوست ان اقوال کو اپنے دل میں جگہ دے کر اپنی قومی زبان کی ترقی کیلئے کچھ کام کرینگے۔

اکبرالدین صدیقی

بابائے اردو کا رسالہ افسر

رسالہ افسر کی دوسری اور تیسری جلد کا مجھے کوئی شمارہ نہ مل سکا۔ البتہ اس کے متعلق مانک راؤ وٹھل راؤ نے اپنی تاریخ بستان آصفیہ کی آخری جلد میں ذیل کی عبارت تحریر کی ہے۔

- بتدا میں مولوی محب حسین ایڈیٹر معلم نسواں دو سال تک ایڈیٹر رہے چند روز کے لئے رسالہ بند ہوگیا بعد ازاں مولوی عبدالحق بی۔ اے کی زیر ایڈیٹری شائع ہونا شروع ہوا۔ تقریباً دو سال تک جاری رہ کر دوسرے بار بند ہوگیا۔ عام خریداروں سے سالانہ چار روپے قیمت مقرر تھی۔

اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ۱۸۹۸ء میں بھی یہ نکلتا رہا اور ۱۸۹۹ء میں کچھ دنوں کے لئے بند ہوا۔ ممکن ہے کہ ایک دو شمارے نہ نکلے ہوں پھر بابائے اردو کی ادارت میں نکلا۔ ۱۹۰۰ء کا مکمل فائل ادارہ ادبیات اردو کے کتب خانہ میں موجود ہے۔ یہ چوتھی جلد ہے۔ اس کے سرنامے پر لکھا ہے "انچہ دانی بشمار انچہ ندانی بشنو" اس کے بعد جلی قلم سے رسالے کا نام اور قدرے خفی قلم سے جلد ۴ (یکم جنوری ۱۹۰۰ء) ہے۔ بعد کی سطر میں خفی قلم سے "ایڈیٹر عبدالحق بی۔ اے" تحریر ہے۔ اور ساتھ ہی باقی نصف صفحہ پر مضامین کی فہرست دیدی گئی ہے جس میں۔ ا۔ سید بینظیر شاہ وارثی کی "نظم حکمت ظاہری و باطنی" ہے۔ سب سے اچھی نظم ہونے کی وجہ سے اس پر ایک اشرفی نذر کی گئی ہے۔ دوسرا مضمون دارالعلوم اسلامی نواب عماد الملک کا ہے اور تیسرا فوجی مضمون سگنیلنگ کا استعمال محب حسین ایڈیٹر معلم نسواں کا مترجمہ ہے۔ آخری سطر نہایت جلی قلم "مطبوعہ حیدرآباد پریس متصل پل چادر گھاٹ بازار عیسیٰ میاں حیدرآباد دکن" لکھی ہے۔

حکمت ظاہری و باطنی کے آغاز سے پہلے حضرت بینظیر شاہ وارثی پر ایک تعارفی نوٹ لکھا ہے۔ دوسرا مضمون دارالعلوم اسلامی یعنی محمڈن یونیورسٹی کے ساتھ بھی تعارفی نوٹ ہے یہ مضمون کافی طویل ہے یعنی ۲۷ صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔ سگنلنگ کے مضمون کی یہ دوسری قسط ہے جو ۲۹ تا ۳۸ یعنی ۱۰ صفحات کو محیط ہے۔ گویا ہر شمارہ ۳۲ صفحوں کی بجائے اب ۴۸ کا شائع ہونے لگا۔

دوسرے شمارہ میں پہلا مضمون مولانا ظفر علی خاں کا "اشرف المخلوقات" ہے۔ یہ مضمون حیاتیات پر ہے اور بیس صفحوں کا

احاطہ کئے ہے۔ آخر میں باقی آئندہ لکھا ہے۔ دوسرا مضمون "عالم بالا" مولوی عبدالحق صاحب کا ہے اس کے پندرہ صفحہ ہیں۔ تیسرا ایک ایڈریس ہے جو افسران فوج کی جانب سے مرحوم اعلیٰ حضرت میر محبوب علی خاں نظام دکن کی خدمت میں پیش ہوا اس کے ساتھ اس کا جواب بھی شامل ہے۔ اس شمارہ کے تین جز اس طرح تکمیل پاتے ہیں۔ صفحوں کے نشانات میں تسلسل قائم رکھا گیا ہے یعنی ۴۸ کے بعد دوسرے شمارہ کا پہلا صفحہ ۴۹ سے شروع ہوتا ہے اور ماہ مارچ ۱۹۰۳ء کا شمارہ یعنی ۳ ، ۹۷ سے ۔

اس میں پہلا مضمون سگنیلنگ کا تکملہ ہے جو ۱۰۴ پر ختم ہوا اور دوسرا اشرف المخلوقات کا تکملہ جو صفحہ ۱۰۵ سے شروع ہو کر ۱۲۷ پر ختم ہوا ہے۔ "چلتے ہوئے پتے" کے عنوان سے مولوی عبدالحق صاحب کا ڈیڑھ صفحہ کا مضمون ہے اور اس کے ساتھ ہی صفحہ ۱۲۹ سے "بلبل اور تارا" کے عنوان سے مولوی عبدالحق صاحب نے آپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ یہ مضمون حاجی محمد اسمٰعیل خاں ایڈیٹر معارف کے جواب میں ہے اس کو "قومی زبان" کے اوراق پر پیش کیا جا چکا ہے اس مضمون کے بعد ایک کتاب "اخوان الشیاطین" پر تبصرہ ہے اور پھر انجمن علمائے علوم مشرقی بمقام روما کے متعلق مولوی عبدالحق صاحب ہی کی تحریر کردہ رپورٹ ہے۔ صفحہ ۱۳۸ تا ۱۴۴ "حسن نظر" کے عنوان کے تحت عبدالجلیل صاحب نعمانی کی مثنوی کی پہلی قسط ہے اور تیسرا شمارہ ختم ہوتا ہے۔

چوتھے شمارہ میں سگنیلنگ کا استعمال" محب حسین صاحب کے مضمون کا سلسلہ جاری ہے دوسرا مضمون نظیر حسین صاحب فاروقی کا "فلسفہ قیافہ" ہے اس کے بعد محب حسین صاحب کا ایک اور مترجمہ مضمون "سوسائٹی اور گورنمنٹ" کے عنوان سے ہے چوتھا پروفیسر عبدالغفور شہباز کا ایک قصیدہ ہے۔ ۱ مدرسۃ العلوم علی گڈھ ۲ اور جدید انتظام ۳ اور کی آمدنی ۴ نواب عمادالملک بہادر کی فیاضی اور ۵ حاجی ریاض الدین صاحب کے اخبار "الریاض" مولوی عبدالحق صاحب کے قلم سے ہیں۔ مثنوی حسن نظر کا تکملہ اس شمارے کی آخری نظم ہے۔

مئی ۱۹۰۳ء یعنی پانچویں شمارے میں پہلا مضمون" انگریزوں کا پہلی دفعہ دہلی پر قبضہ کرنا" ہے یہ ایک انگریزی لکچر کا ترجمہ ہے جس کو میجر جنرل بیرسفورڈ لیوٹ نے ۷ ستمبر ۱۸۹۹ء کو یونائٹیڈ سروس انسٹی ٹیوشن کلب شملہ میں دیا تھا۔ یہ ترجمہ محب حسین صاحب نے کیا ہے۔ دوسرا مضمون" استرقاق اور تسری" کے زیر عنوان مولوی چراغ علی مرحوم کا ہے۔ جس کے آخر میں مولوی عبدالحق صاحب کا ایک نوٹ موجود ہے" گورنمنٹ اور سوسائٹی" محررہ محب حسین صاحب تیسرا مضمون ہے جو پچھلے سلسلہ کی کڑی ہے۔ آخر میں مولوی صاحب نے سفرنامہ ہاند مصنفہ حسام الدین ایڈیٹر کشف الحقائق پر تبصرہ کیا ہے۔

چھٹے شمارہ میں محب حسین کے دو مضمون "جنگی تاریخ" اور "گورنمنٹ اور سوسائٹی" شامل ہیں ایک مضمون "حروف مقطعات و علامات معدنی آلات تحریر و طبع" نظام الدین حسن صاحب کا تحریر کردہ ہے۔ ٹائپ کے سلسلہ میں یہ ابتدائی تجربہ کا نمونہ ہے۔ عبدالغنی صاحب نے "مبارک لڑکیاں" کے عنوان کے تحت ایک مضمون لکھا ہے "سنہ ہجری کی تحقیق" اور "اب مردوں کی ضرورت نہیں رہی" مولوی صاحب کے تحریر کردہ ہیں۔ سر شیخ عبدالقادر کی مشہور انگریزی تصنیف "جدید اردو علم ادب کے مشہور مصنفین" اور "الہاردن" مترجمہ مصباح الدین صاحب پر مولوی صاحب کے تبصرے ہیں۔ اس شمارہ میں آخری نظم "مقامات" کے عنوان سے حضرت

سید بنظیر شاہ وارثی کی مثنوی ہے جوان کی طویل مثنوی "جواہر بنظیر" میں شامل ہے۔

ساتویں شمارہ میں پہلا مضمون محب حسین صاحب کا ہے جو "دنیا کی پندرہ مشہور لڑائیاں" سے ترجمہ ہوا ہے۔ دوسرا مضمون "قوموں کی ضعف عقل کی علامتیں اور زوال کی نشانیاں اور اسباب" پر ہے جس کو خواجہ غلام الثقلین نے لکھا ہے۔ اس مضمون کے متعلق ادارتی نوٹ میں مولوی صاحب نے تحریر فرمایا ہے کہ یہ مضمون ۱۳۰۶ھ میں حیدر آباد کے سٹی ایسوسی ایشن کے ایک جلسہ میں بطور لکچر کے پڑھا گیا تھا اور پھر مدرستہ العلوم علی گڈھ میں بھی لکچر دیا گیا۔ حال میں علی گڈھ میگزین کے کئی نمبروں میں چھاپا گیا ہے۔ مگر اتفاقاً بہت سی غلطیاں چھپنے میں رہ گئی تھیں۔ اس لئے اب ترمیم اور اصلاح اور اضافے کے ساتھ اور مصنف کی نظر ثانی کے بعد دوبارہ چھاپا جارہا ہے۔ مضمون کے اختتام پر ۵ محرم ۱۳۱۵ھ تاریخ درج ہے۔ اس شمارہ کا آخری مضمون "گورنمنٹ" ہے جس کو شمس العلما ذکاء اللہ دہلوی نے لکھا ہے۔

آٹھویں شمارے میں پہلے سید بنظیر شاہ وارثی کی نظم "چاندنی رات کا سماں" پیش کرنے سے پہلے شاعر کے متعلق ڈھائی صفحہ کا ادارتی نوٹ ہے۔ دوسرا مضمون مولوی عزیز مرزا کا "اردو ناولوں پر ایک نظر" کے عنوان سے ہے۔ یہ مضمون مولانا ظفر علی خاں کی کتاب "سیر ظلمات (ترجمہ رائیڈر ہیگرڈ) کا تعارف ہے۔ یہ کتاب مطبع شمسی حیدر آباد سے ۱۹۰۳ء میں شائع ہوئی تھی۔ اس کا ایک نسخہ ادارہ ادبیات اردو کے کتب خانہ میں محفوظ ہے۔ تیسرا مضمون "اخلاقی قوت غیر فانی ہے" کے عنوان پر منور خاں کا ہے۔ چوتھا مضمون "جنگی تاریخ" محب حسین صاحب کے مضمون کا سلسلہ ہے۔ اس کے بعد عبدالغنی خاں رافت نے "مدرسہ کے بچوں کے خیالات" پر لکھا ہے۔ پھر دو مضمون مولوی عبدالحق صاحب کے قلم سے ہیں ایک "اردو اخبارات کے ایڈیٹروں کو نیک صلاح" اور دوسرا "اردو طرز تحریر" جس کا تعلق نظام الدین حسن صاحب کے شائع شدہ مضمون سے ہے۔

افسر کی چوتھی جلد کا نواں شمارہ حضرت بنظیر شاہ وارثی کے فارسی قصیدے سے شروع ہوتا ہے جس کا مطلع ہے۔

محبت کہ شورے بجاں افگند ۔۔۔ مرا شہد اندر دہاں افگند

یہ قصیدہ راقم کی مرتبہ کتاب کلام بنظیر میں شامل ہے۔ اس قصیدے کے بعد ہی حضرت بنظیر شاہ کی مثنوی "برسات" کے عنوان پر ہے۔

تیسرا طویل مضمون "موجودہ شہنشاہ بیگم چین" ریویو آف ریویوز (لندن) سے مولوی عبدالحق صاحب نے اپنے رسالے کے لئے ترجمہ کیا ہے۔ طویل ہونے کے باوجود یہ مضمون بے حد دلچسپ ہے اس کی دلچسپی میں واقعات کے علاوہ انداز تحریر کا بڑا دخل ہے۔ آخر میں مولوی صاحب نے اپنے دوست ظفر علی خاں صاحب کی کتاب "سیر ظلمات" پر تبصرہ کیا ہے۔

دسویں شمارہ کا پہلا مضمون "خیر الدین کپتان پاشا" قطب الدین علی تسلی کا ترجمہ ہے یہ انجمن آصفیہ کے سکریٹری تھے دوسرا مضمون "کوچ بہار کی رانی" کیشب چندر سین کی لڑکی سونی تی دیوی پر ہے یہ عبدالغنی رافت کا تحریر کردہ ہے۔ اس کے بعد مولوی صاحب نے "پروفیسر مرزا حیرت" کے مختصر حالات لکھے ہیں۔ یہ مضمون ان کی کتاب چند ہمعصر میں شامل ہے۔ آخر میں

دیوان مجروح پر ایک نہایت تفصیلی تبصرہ ہے۔

گیارھواں شمارہ مثنوی گرہی (غلام قادر) بطرز مثنوی مولانا روم سے شروع ہوتا ہے جس کے تعارف میں مولوی صاحب نے تین صفحہ لکھے ہیں۔ اس کے بعد جنگی تاریخ کا سلسلہ پیش کیا گیا ہے۔ تیسرا مضمون علی شبیر صاحب کا "فرنگی حجاج" پر ہے آخر میں حضرت سید منظیر شاہ وارثی کی مثنوی "صبح" شریک ہے۔

چوتھی جلد کے آخری شمارہ میں پہلا مضمون "جنگی تاریخ کا سلسلہ اور دوسرا قطب الدین علی نسلی کا تحریر کردہ "پیرایہ سائی" ہے۔ پھر "انسان کا نشو دنما" کے عنوان سے عبدالغنی خاں خاں رافت کا مضمون ہے۔ اس کے بعد "فوجی افسر کیسا ہونا چاہیئے" کے عنوان سے گولکنڈہ کے ایک کیڈٹ نے اپنے خیالات نہایت تفصیل سے مثالوں کے ساتھ واضح کئے ہیں اس جلد کے آخری شمارہ کا آخری مضمون امیر مینائی کے حالات" ہیں جنہیں مولوی عبدالحق صاحب نے لکھا ہے۔ اس جلد کے بارہ پرچوں کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ افسر جنگ بہادر کے خیال سے فوجی یا حربی قسم کا کوئی نہ کوئی مضمون ہر شمارہ میں ضرور شریک کیا جاتا تھا اس کے بغیر پرچہ شائع نہ ہو سکتا تھا۔ اور مولوی صاحب نہایت پابندی سے اس کو شائع کرتے تھے۔

کلام غالب (نسخہ قدوائی)

جلیل قدوائی

شعروں میں بہت سی ایسی باتیں بھی ادا ہو جاتی ہیں جو انسان کی مشترک عالمگیر اور دوامی قدروں کی حامل ہوتی ہیں۔ ایک ذہین انسان جب ان امکانات کو ذہن میں رکھ کر شعری انتخاب کرتا ہے تو یہ انتخاب ہم سب کا انتخاب ہو جاتا ہے۔ اور یہ انتخاب اس وقت اور رفیع اور قابل قدر ہو جاتا ہے جب اس سے شاعر کی پوری بھی ہو جاتی قدوائی صاحب کا "کلام غالب" انہی خصوصیات کا حامل ہے۔

خوبصورت ٹائپ کی طباعت - مجلد - قیمت تین روپے

ادارۂ نگارش و مطبوعات

بی ۸۵، پلاٹ "پی" نارتھ ناظم آباد، کراچی ۱۸

انجمن ترقی اردو پاکستان کی نئی کتابیں

قاموس الکتب	(جلد اوّل) مذہبیات سے متعلق مطبوعہ اور غیر مطبوعہ اردو کتابوں کی مکمل فہرست صفحات (۱۴۰۰) سائز ۲۰×۳۰/۸ قیمت ۴۰ روپے
داستانِ زبان اردو	ڈاکٹر شوکت سبزواری۔ قیمت ۵ روپے
جیتا جاگتا	اندلس کے مشہور فلسفی ابن طفیل کی تصنیف "حیّ بن یقظان" کا ترجمہ از ڈاکٹر محمد یوسف۔ قیمت تین روپے ۵۰ پیسے
ملّا نصرتی	ملک الشعرا بیجاپور۔ قیمت ۵ روپے
اردو تنقید کا ارتقاء	ڈاکٹر عبادت بریلوی۔ قیمت سات روپے
مہ و انجم	مارٹن ڈیوڈسن کی کتاب کا ترجمہ از نثار الحق صدیقی قیمت ۴ روپے پچاس پیسے
خیالات عزیز	عزیز مرزا کے مضامین کا مجموعہ۔ قیمت ۴ روپے ۵۰ پیسے
رتن ناتھ سرشار کی ناول نگاری	ڈاکٹر لطیف حسین ادیب۔ قیمت چھ روپے ۵۰ پیسے
قدیم اردو	بابائے اردو۔ قیمت ۵ روپے ۵۰ پیسے
مضامین سلیم	(تین جلدوں میں) وحیدالدین سلیم کے نایاب مضامین کا مجموعہ مرتبہ مولوی محمد اسماعیل پانی پتی۔ مکمل سیٹ کی قیمت بارہ روپے ۵۰ پیسے
رومیو جولیٹ	شیکسپیئر کے ڈرامے کا منظوم ترجمہ از عزیز احمد قیمت ۵ روپے
فاؤسٹ	گوئٹے کے شاہ کار کا منظوم ترجمہ ۱۔ از مولوی عبدالقیوم باقی (مرحوم) قیمت ۵ روپے
داس کیپیٹال	(حصّہ اوّل) کارل مارکس کی عہد آفرین کتاب کا ترجمہ از سید محمد تقی قیمت ۵۰/-
فن شاعری	ارسطو کی بوطیقا کا ترجمہ مع حواشی از عزیز احمد قیمت ۲ روپے ۵۰ پیسے
اردو تھیٹر	(جلد اوّل) ڈاکٹر عبدالعلیم نامی قیمت سات روپے
" "	(جلد دوم) " " " "
" "	(جلد سوم) " " " " "
مرحوم دہلی کالج	بابائے اردو۔ قیمت چار روپے

گرد و پیش

تصویر کا ایک رخ

اردو کو ذریعہ تعلیم قرار دینے کا مسئلہ کوئی سوا سو سال سے بحث کا موضوع بنا ہوا ہے۔ اس مسئلے پر لوگ بحث کرتے ہوئے آج تک نہیں تھکے۔ اس طویل عرصہ میں ہزاروں مذاکرے اور مناظرے ہوئے جن میں اس تجویز کی مخالفت اور موافقت پر سینکڑوں مقالے پڑھے گئے۔ لیکن یہ لامتناہی سلسلہ ختم ہونے میں نہیں آتا۔ اگر اس طویل عرصہ کو بجائے بحث مباحثے کے اردو کو ذریعہ تعلیم بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا۔ تو آج ہم اردو کے سلسلے میں خود مکتفی ہو چکے ہوتے اور انگریزی کی غلامی سے نجات پا چکے ہوتے ہماری آنکھیں اس کے باوجود نہیں کھلتیں اور آج جب ہم یہ گتھیاں سلجھانے کی کوشش کرتے ہیں تو اس کی مخالفت کرنے والے اپنے ذہنی افلاس اور غلامانہ ذہنیت کا مظاہرہ کر کے اس مسئلے کو پھر التواء میں ڈالنا چاہتے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ایسے لوگوں کی ایک نہ سنی جائے اور ان کی غلامانہ ذہنیت کا قلع قمع کر دیا جائے۔

کراچی یونیورسٹی پر ایک انگریزی اخبار کا غصہ

کراچی یونیورسٹی کے اس فیصلے پر کہ آئندہ سال سے بی۔ اے اور بی۔ ایس سی اور بی کام کے درجوں میں ذریعہ تعلیم اردو ہوگی تبصرہ کرتے ہوئے روزنامہ ڈان کے مدیر صاحب نے ایک اداریہ سپرد قلم کیا ہے۔ جس میں کراچی یونیورسٹی کے اس فیصلے کو ایک افسوسناک اقدام قرار دے کر یہ ثابت کیا ہے کہ اس سے کراچی کے باشندوں کو شدید نقصان پہونچے گا اور وہ اعلیٰ ملازمتوں کے امتحانات میں شریک نہ ہو سکیں گے۔ اس اداریہ میں فاضل مدیر نے یہ بھی ثابت کیا ہے کہ کراچی کی اکثریت اردو کے علاوہ ہر زبان بولتی ہے اور اردو بولنے والے اقلیت میں ہیں۔ فاضل مدیر نے افواج کے امتحانات میں بھی اردو بولنے والوں کو خسارے میں پڑنے کا شدید احساس دلایا ہے اور کراچی کو ایک بین الاقوامی شہر قرار دیتے ہوئے اس فیصلے کی مخالفت کی ہے۔ یہ یاد رہے کہ فاضل مدیر پاکستان اور مسلم لیگ کی تحریک کے نمایاں ترین افراد میں رہے ہیں اور ان کو قائد اعظم کے خیالات اور قربت سے استفادہ کرنے کی سہولت بھی سب سے زیادہ حاصل رہی ہے جن کا یہ فیصلہ تھا کہ پاکستان کی واحد زبان اردو ہوگی ۔۔۔ قائد اعظم کے ارشادات کو اس قدر جلد فراموش کر دینے کے بعد فاضل مدیر کو

یہ جرأت کیسے ہوئی کہ وہ قومی جذبات اور احساسات کا اس طرح مضحکہ اڑائیں۔

اعلیٰ انگریزی تعلیم کی تدریس کی کوشش

بہاول پور کے تدریسی عملے کے تربیتی کورس کی ایک افتتاحی تقریب میں تقریر کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر بہاولپور دربار علی شاہ نے کہا ہے کہ "اردو ہماری قومی زبان ہے۔ اور ہمیں اس بات کا بجا طور پر فخر ہے لیکن دوسرے ممالک سے تعلقات استوار رکھنے اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے لازمی ہے کہ غیر ملکی زبانوں خاص طور پر انگریزی زبان کی تعلیم حاصل کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس دور میں ملک کو سائنسدانوں، ڈاکٹروں اور انجینیئروں کی ضرورت ہے اور اس سلسلے میں ضروری ہے کہ ہم طلبہ کو انگریزی کی معقول تعلیم دینے کے پیش نظر انگریزی درس و تدریس کے طریقوں کی اصلاح اور ترقی کی طرف پوری توجہ کریں"۔

دربار علی شاہ صاحب کے خیالات بڑی حد تک ہمارے حکمران طبقے کی اس پالیسی کا راز افشا کر رہے ہیں جس پر عمل درآمد ہوتا رہا ہے اور آئندہ بھی ہوتے کا امکان ہے جس کا مقصد انگریزی زبان کو برقرار رکھنا اور قومی زبان کا صرف نعرہ بلند کرتے رہنا ہے۔

طرز کہن میں بھی وہی چیلے ہیں پرویزی

اردو فلموں کی مخالفت

مشرقی پاکستان میں اردو فلموں کی تیاری اس بات کا ثبوت تھی کہ وہاں اردو فلموں کی مارکیٹ وسیع ہے اور ہمارا ملک اب صوبائی تعصبات سے بلند ہو کر حقائق پر عمل کرنے لگا ہے۔ لیکن اردو فلموں کی تیاری پر مشرقی پاکستان کے بعض حلقے جس برہمی کا اظہار کرتے ہیں اس کا اندازہ اس اخباری رپورٹ سے ہوتا ہے کہ "ڈھاکے میں ایک جلسہ عام میں یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ یہاں کے سینما گھروں میں بنگلہ اور اردو فلموں کو مساوی حیثیت دینا اور یہاں اردو فلم سازی کو موقوف کر دیا جائے"۔ اس مطالبے پر جلسے میں مار پیٹ اور ہنگامہ بھی ہوا لیکن مشرقی پاکستان میں تنگ دلی کا مظاہرہ ایک افسوسناک اور قومی جذبات کو نظرانداز کر دینے کے مترادف عمل کا ثبوت ہے۔ مشرقی پاکستان کے عوام میں اگر اردو فلمیں مقبول ہو رہی ہیں تو اس کی مخالفت دراصل ایک خاص ذہنیت کے طبقے کے مفادات پر مبنی ہے جو منافرت کو ہوا دے کر منفعت حاصل کرنا چاہتا ہے اور یہ بات افسوسناک مثال کو پیش کرتی ہے۔

انگریزی کی سفارش

کالج آف ہوم اکنامکس اور سوشل سائنس لاہور کی انتظامیہ کمیٹی نے یہ سفارش کی ہے کہ کالج میں انگریزی کو ذریعہ تعلیم بنایا جائے اور اردو کو ایک امتیازی حیثیت دی جائے۔

انتظامیہ کمیٹی نے اردو کو امتیازی حیثیت دے کر قوم پر جو احسان کیا ہے اس کا شکریہ کس زبان سے کیا جائے۔ شاید اس کالج کی انتظامیہ کمیٹی میں ایسے لوگ شامل ہیں جو اردو کو "نوکروں کی زبان" سمجھتے ہیں اور انگریزی کو آقاؤں کی۔ ورنہ اردو کو امتیازی حیثیت دے کر اس کی عزت افزائی کی کوشش نہ کی جاتی۔

ان حضرات کو شاید یہ خیال پیدا ہو گیا ہے کہ اردو شاید آج ہی عام وجود میں آئی ہے۔ نہ۔ پاکستان بننے کے بعد انہوں نے

اس کا نام سنا ہے۔ جس وقت برصغیر پاک و ہند کی واحد زبان اردو تھی اور اس میں تمام سرکاری۔ عدالتی اور دفتری کام ہوتے تھے اس دور کو شاید یہ جہالت کا تاریک دور سمجھتے ہوں گے اس سفارش پر اور کیا کہا جاسکتا ہے سوائے اس کے کہ

خراب کر گئی شاہین بچے کو صحبت زاغ

قومی زبان افسروں کو نہیں آتی

وزیر خوراک و زراعت نے انکشاف کیا ہے کہ علاقائی زبانوں کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد افسروں کے لئے ایک خاص معیار پر پورا اترنا لازمی ہوگا۔

اس خبر پر اظہار حیرت کی ضرورت اس لئے پڑی ہے کہ ہمارے یہاں بیشتر بڑے افسر قومی زبان ہی سے نابلد ہیں تو علاقائی زبان کیسے پڑھ سکیں گے۔ ان لوگوں کے یہاں اعلیٰ افسری کا تصور بغیر انگریزی کے آتا ہی نہیں اور یہ تصور حاکمیت اور آقائیت کی لذت سے انہیں آشنا رکھتا ہے۔ وہ اس تصور سے کیسے آزاد ہو سکیں گے۔ اس پر تحقیق کی ضرورت ہے۔

اردو قابلِ جرمانہ

لاہور کے ٹریفک مجسٹریٹ نے ایک نوجوان کو اس کے اسکوٹر کی نمبر پلیٹ اردو میں لکھوانے کے جرم میں پندرہ روپیہ جرمانے کی سزا دی ہے۔

وہ وقت دور نہیں جب حکومت کے خزانے ایسے ہی ٹیکسوں سے پُر ہوا کریں گے اور غالباً اگر انگریزی سے اسی محبت مادری اور پدری کا اظہار ہوتا رہا تو وہ زمانہ قریب آنے والا ہے جب انگلینڈ کی مادری زبان اردو ہوگی اور پاکستان کی انگریزی۔

تفو برتو اے چرخ گرداں تفو۔

ہمارے بھی ہیں مہرباں کیسے کیسے

ترکی کے ماہر تعلیم اور ادیب پروفیسر فاحزا نے جو آج کل ہمارے مہمان ہیں رائٹرز گلڈ کے عصرانے میں تقریر کرتے ہوئے کہا ہے کہ "اردو اور بنگالی زبانوں کے لئے رومن رسم الخط اختیار کرنے سے نہ صرف دونوں زبانوں میں یگانگت پیدا ہوگی بلکہ معیار تعلیم بھی بلند ہوگا"

پروفیسر فاحزا ہمارے مہمان ہیں لیکن ان کا یہ مشورہ ہمارے یہاں کے حالات کو نہ جاننے کے سبب اظہار میں آیا ہے۔ انہیں ایسے مسائل پر نہیں بولنا چاہیئے جن سے وہ براہِ راست واقف نہیں ہیں۔ ممکن ہے کہ ترکی میں جو حالات رہے ہوں ان کا حل یہی ہو لیکن پاکستان ترکی سے قطعاً مختلف حالات اور روایات رکھتا ہے جس کے پیش نظر اس قسم کا کوئی بھی خیال ملک کی خواہشات اور ترقی کے منافی ہو سکتا ہے۔ ویسے بھی پروفیسر صاحب یہ ثابت نہیں کرسکتے کہ رومن رسم الخط کو اختیار کرنے کے بعد ترکی نے دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں کون سے کارنامے انجام دیئے ہیں۔ یورپ کا ایک معمولی ملک بھی سائنسی میدان میں ان سے زیادہ ترقی یافتہ ہے اور ایشیا میں جاپان اس بات کا ثبوت ہے جہاں ترقی کا باعث ان کی مادری زبان اور رسم الخط کی تعلیم کو قرار دیا جاسکتا

تصویر کا دوسرا رخ

صیح قومی قدروں کے تحفظ اور نظام تعلیم پر سے غیر ملکی اثر کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم کرنے کے آثار ظاہر ہونے شروع ہوئے ہیں تو ماہرین تعلیم کے خیال میں نظام تعلیم کے سدھرنے کے مکمل امکانات پیدا ہو جائیں گے۔ اردو زبان ایک ایسی ہمہ گیر زبان ہے جس میں تمام علوم کی وسعت اور ہمہ گیری کو اپنے اندر جذب کرنے کی فطری اور اعلیٰ صلاحیت موجود ہے۔ اردو برصغیر پاک و ہند کی ایسی زبان رہی ہے جس میں اس خطے کی روایات کا بہترین سرمایہ محفوظ ہے اور یہ اردو اپنے انداز سے اسے جلا بھی بخشتی رہی ہے۔

اردو ہی پاکستان میں ایک ایسی زبان ہے جو مغربی خیالات اور اس کے مضر اثرات کے طوفان کو روک لینے کی اہلیت رکھتی ہے اور اس میں اتنی صلاحیت موجود ہے کہ وہ ذریعہ تعلیم بن سکے۔ سرکاری دفاتر اور عدالتوں کی زبان بن سکے اور اس میں ہر قسم کی فنی اور سائنسی تحقیقات مدون کی جا سکیں اور اس امر کے سینکڑوں ثبوت موجود ہیں اور پاکستان کے تقریباً تمام ماہرین سائنس جو عالمی شہرت کے مالک ہیں اور ماہرین تعلیم اس حقیقت کو تسلیم کر چکے ہیں۔ ان حقائق کی روشنی میں یہ مطالبہ کہ اردو کو سرکاری زبان کی حیثیت میں فوراً رائج کر دیا جائے اور مغربی پاکستان کی تمام یونیورسٹیوں میں ذریعہ تعلیم اردو مقرر کی جائے ایسا جائز مطالبہ ہے جس کو نظرانداز کرنا ملک اور قوم کے مستقبل سے آنکھیں بند کرنے کے مترادف ہے

اردو ہماری ثقافت کی آئینہ دار ہے

صوبائی اسمبلی کے اسپیکر جناب مبین الحق صدیقی نے ملتان میں رائٹرز گلڈ کے ظہرانہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کو اردو زبان کی ترویج اور ترقی کے لئے ٹھوس اقدامات کرنے چاہئیں نیز اُس کو ملک کے تمام شعبوں میں رائج کرنا چاہیئے۔ انہوں نے کہا اردو ہماری ثقافت کی آئینہ دار ہے۔ اس کی افادیت اور اہمیت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ بعض لوگوں کے رگ وپے میں انگریزی سما چکی ہے جس سے نجات حاصل کرنا وہ ضروری نہیں سمجھتے آپ نے ان لوگوں سے درخواست کی ہے کہ وہ پاکستان کے عوام کی بہتری اور ملک کی ترقی کے لئے اپنی اس ذہنیت کو تبدیل کر لیں۔

انگریزی ذریعہ تعلیم کو تم بھی ترک کرو۔

پچھلے دنوں پنجاب یونیورسٹی اسٹوڈینٹس یونین نے اپنا ایک ہنگامی اجلاس طلب کیا اور کراچی یونیورسٹی کے فیصلے کو سراہتے ہوئے دیگر ملکی یونیورسٹیوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ بھی کراچی یونیورسٹی کے نقش قدم پر چل کر انگریزی ذریعہ تعلیم ترک کر دیں۔ اس اجلاس نے پنجاب یونیورسٹی سے مطالبہ کیا کہ وہ اس بار اکیڈیمک کونسل کے ہونے والے اجلاس میں بی۔ اے تک اردو کو ذریعہ تعلیم بننے کی سفارش کرے۔

ذخیرۂ الفاظ مرتب کرنے کا منصوبہ

مرکزی اردو ترقیاتی بورڈ کے صدر جناب جسٹس ایس اے رحمان نے لاہور میں یک بیان دیتے ہوئے بتایا کہ بورڈ نے "بنیادی اردو" کے ذخیرۂ الفاظ مرتب کرنے کے ایک منصوبے پر کام شروع کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کا مقصد یہ ہے کہ مغربی پاکستان کے ان باشندوں کو جن کی مادری زبان اردو نہیں ہے۔ اردو کے ایسے الفاظ پر عبور حاصل کرنے میں مدد دی جائے جو علاقائی زبانوں میں بہت حد تک مشترک ہیں تاکہ وہ من سب طور پر قومی زبان میں اپنا مافی الضمیر ظاہر کر سکیں۔ بورڈ نے اردو ٹائپ رائٹروں کے مسئلہ کا جائزہ لینے کے لئے بھی ایک کمیٹی قائم کر دی ہے۔

۴۹ ممتاز وکلا کی یاد دہانی

کراچی کے ۴۹ ممتاز وکلا نے ایک مشترکہ بیان میں کراچی یونیورسٹی میں ذریعۂ تعلیم اردو کر دینے کے فیصلہ کا پرجوش خیرمقدم کیا ہے اور اس کے ساتھ ہی پنجاب یونیورسٹی کو بھی یاد دلایا ہے کہ اس نے پچھلے سال آرٹس اور سائنس کے مضامین اردو میں پڑھنے کا جو فیصلہ کیا تھا اب تک اس پر عمل نہیں ہوا ہے۔ وکلاء نے امید ظاہر کی ہے کہ صوبے کی دوسری یونیورسٹیاں بھی اس مثال کی پیروی کریںگی انہوں نے کراچی یونیورسٹی کے اس فیصلے کو بابائے اردو کے خوابوں کی تعبیر قرار دیتے ہوئے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ اس فیصلے سے ملک میں تعلیم کا معیار بڑھ جائے گا اور ملک کے مختلف علاقے ثقافتی اور ذہنی طور پر ایک دوسرے کے قریب آجائیں گے۔

زرعی یونیورسٹی کا مبارک اعلان

زرعی یونیورسٹی لائل پور کے ایک نمائندے نے ایک بیان میں یہ بتایا ہے کہ زرعی یونیورسٹی نے بنیادی سائنس کن مکس بیالوجی۔ جیالوجی۔ ڈیرینگ۔ اینیمل ہسبنڈری پلانٹ پیتھالوجی اور دوسرے مضامین کی تدریس سے متعلق اردو الفاظ اور اصطلاحات کا بڑا ذخیرہ مرتب کر لیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ زرعی یونیورسٹی کے مختلف شعبے ایک سالہ فیلڈمین کورس کے لئے ایک کتابچہ اردو میں مرتب کر رہے ہیں۔ اس کورس میں وٹرنری۔ سائنس باٹنی۔ انٹومولوجی۔ اور اینمل ہسبنڈری پر مضامین شائع ہوں گے

برطانیہ میں کاؤنٹی کونسل نے اردو میں کام شروع کر دیا۔

کاؤنٹی میں رہنے والے پاکستانیوں اور ہندوستانیوں کو کرایہ داری کے حقوق اور نئے قانون کرایہ داری سے آگاہ کرنے کے لئے کاؤنٹی کونسل کے چیف پبلک ہیلتھ انسپکٹر نے کئی مراسلے اردو پنجابی اور بنگالی زبان میں بھیجے ہیں۔

سٹی انسپکٹر نے سٹی کونسل کے ایک اجلاس میں بتایا کہ بہت سے پاکستانیوں اور ہندوستانیوں کی امداد کرنے کے لئے جو مالکان مکان سے کئے ہوئے معاہدات سے ناواقف تھے کونسل نے یہ فیصلہ کیا کہ انگریزی مراسلوں کو اردو اور مختلف زبانوں میں ترجمہ کرا کے شائع کرے۔ ترجمے کے لئے اسلامک برادرہڈ برمنگھم یونیورسٹی سے رجوع کیا گیا تھا۔

پنجاب یونیورسٹی اکیڈیمک کونسل کا اقدام

پنجاب یونیورسٹی اکیڈیمک کونسل نے یونیورسٹی کی ڈگری کلاسوں تک اردو کو ذریعۂ تعلیم بنانے کا مطالبہ آرٹس، سائنس کے

بورڈ آف اسٹڈیز کو پیش کردیا ہے اور اس سے کہا ہے کہ اس بارے میں اپنی رائے سے آگاہ کرے۔ اس کے علاوہ اکیڈمیک کونسل نے ہیلی کالج آف کامرس اور یونیورسٹی لا کالج کے طلبا کے مطالبات بھی متعلقہ بورڈ آف اسٹڈیز کو سفارش کے لئے پیش کردیئے ہیں تاہم کونسل کا یہ متفقہ خیال ہے کہ ان مطالبات پر جو فیصلہ بھی کیا جائے گا اس پر امسال عمل درآمد نہیں ہوسکے گا۔

اردو میں گفتگو کرنے کا فیصلہ

اسلامیہ کالج کراچی کے اساتذہ نے ایک خصوصی اجلاس میں یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ آئندہ صرف اردو ہی میں گفتگو کرینگے اور ایسے موضوعات پر غیر ملکی زبان کے الفاظ استعمال کرنے سے احتراز کریں گے جن کے لئے اردو میں الفاظ موجود ہیں۔ ان اساتذہ نے اپنے فیصلے پر عمل شروع کردیا ہے اور باقی اساتذہ بھی اس تجربہ میں دلچسپی کا اظہار کررہے ہیں امید ہے کہ کالج کے سارے اساتذہ بہت جلد اس فیصلے پر عمل کرنا شروع کردیں گے۔

اردو کے لئے غیر سرکاری مسودۂ قانون

مغربی پاکستان اسمبلی میں اردو کو صوبہ کی سرکاری زبان بنانے کے متعلق غیر سرکاری مسودۂ قانون پیش ہوگا۔ یہ مسودۂ قانون جو مولانا غلام غوث ہزاروی پیش کریں گے، سرکاری دفاتر، اسکولوں اور کالجوں میں اردو کو رائج کرنے کے اقدامات پر مشتمل ہوگا جس کے مطابق میڈیکل اور دوسرے ٹیکنیکل کالجوں میں جہاں فوری طور پر اردو رائج کرنا ممکن نہیں ایک سال کی مدت میں رائج کرنے کا مطالبہ شامل ہے۔ مولانا غوث ہزاروی نے مسودۂ قانون کے اغراض و مقاصد بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اردو کو قومی زبان بنانے کے لئے بڑی جدوجہد کی گئی ہے۔ ہندوؤں اور انگریزوں سے اسی زبان کو منوانے کے لئے عظیم قربانیاں دی گئیں ہیں مگر افسوس ہے کہ ہماری حکومت انگریزی کو جو غیر ملکی زبان ہے ترقی دے رہی ہے اور اردو کی طرف سے غافل ہے۔ مولانا غلام غوث نے مطالبہ کیا ہے کہ صوبے میں اردو کو فوری طور پر رائج کیا جائے

یہ مسودۂ قانون صوبائی اسمبلی کے اس اجلاس میں جو ۸ر مارچ سے شروع ہو رہا ہے پیش کیا جائے گا۔

اردو کے لئے آئینی جدوجہد کا جامع منصوبہ

مغربی پاکستان اردو اکیڈمی ملک کی تمام یونیورسٹیوں اور ثانوی تعلیمی اداروں میں اردو کو ذریعۂ تعلیم بنانے کے لئے آئینی جدوجہد شروع کریگی۔ اردو اکیڈمی اس سلسلہ میں ایک جامع پروگرام مرتب کرے گی جو اس کانفرنس کا ایک جزو ہوگا۔ جو ۲۰ر مارچ سے لاہور میں شروع ہو رہی ہے۔

اردو اکیڈمی نے اردو میں سائنسی مضامین کی تدریس کے لئے کئی منصوبے شروع کئے ہیں جن کے تحت اردو میں سائنسی انسائیکلوپیڈیا کا منصوبہ اختتام کے قریب ہے اکیڈمی نے فنی اور سائنسی موضوعات پر اردو لیکچروں کا انتظام بھی کیا ہے۔

اردو تدریس کانفرنس

کراچی بورڈ آف انٹر میڈیٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن اور ترقی اردو کے زیر اہتمام آل پاکستان اردو تدریس کانفرنس ۲۸، ۲۹، ۳۰ر جون کو

منعقد ہوگی۔ اس کانفرنس میں اسکولوں اور کالجوں میں مختلف مضامین کی اردو میں تعلیم دینے کے سلسلہ کی مشکلات پر غور کیا جائے گا اس تین روزہ کانفرنس کو پانچ شعبوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ کانفرنس میں مشرقی اور مغربی پاکستان کے مندوبین شرکت کریں گے جن کے لئے ایک استقبالیہ کمیٹی مقرر کر دی گئی ہے۔

شاہ بھٹائی کے کلام کا منظوم اردو ترجمہ

سندھ کے مشہور صوفی شاعر شاہ بھٹائی کے سندھی رسالے "شاہ جو رسالو" کا منظوم اردو ترجمہ مکمل ہو چکا ہے اور اب یہ ترجمہ زیر کتابت ہے۔ یہ منظوم ترجمہ مشہور سندھی شاعر شیخ ایاز نے کیا ہے اور حفیظ ہوشیار پوری نے ترجمہ پر آخری نظر ڈالنے کے بعد سندھ یونیورسٹی کے حوالے کر دیا ہے جو اب اسے مرکزی وزارت تعلیم کے اشتراک سے شایع کرے گی۔

اردو میں سائنسی انسائیکلوپیڈیا

اردو اکیڈمی مغربی پاکستان نے اردو میں کیمیا، طبعیات اور حیاتیات کی انسائیکلوپیڈیا کی ترتیب کا کام مکمل کر لیا ہے توقع ہے کہ دونوں مطبوعات چند روز میں شایع ہو جائیں گی۔ اکیڈمی نے اس منصوبے کا آغاز طبعیات کے اعلیٰ ثانوی ایڈیشن سے کیا ہے جس کا نمونے کا جزو شایع ہو چکا ہے

اردو انسائیکلوپیڈیا کمیٹی میں ڈاکٹر رضی الدین صدیقی وائس چانسلر سندھ یونیورسٹی۔ ڈاکٹر نذیر احمد پرنسپل گورنمنٹ کالج لاہور ڈاکٹر رفیق احمد خاں، پرنسپل دیال سنگھ کالج لاہور، ڈاکٹر بدرالدین صدر شعبۂ کیمیا پنجاب یونیورسٹی۔ ڈاکٹر سردار محمد پرنسپل گورنمنٹ کالج شیخوپورہ۔ ڈاکٹر عبدالبصیر پال صدر شعبۂ طبعیات پنجاب یونیورسٹی۔ پروفیسر شیخ منہاج الدین سابق رجسٹرار پشاور یونیورسٹی اور پروفیسر فضل الدین قریشی شامل ہیں۔

تعلیمی مسائل میں سندھی اور اردو

چودھری نیاز احمد کے احکامات کے مطابق ڈسٹرکٹ انسپکٹر آف روہڑی ڈویژن نے سکھر میں چار پرائمری اسکولوں میں اردو کے شعبہ جات الگ کرنے کے انتظامات کر لیے ہیں۔ اور ہر اردو پرائمری اسکول کے لئے ہیڈ ماسٹر کا تقرر بھی کر دیا گیا ہے۔ ان اسکولوں میں پہلے ہی سے اردو اور سندھی شعبوں کے لئے الگ الگ بلاک موجود ہیں لیکن اب تک افسران صوبائی حکومت اس انتظام سے غفلت برتتے رہے ہیں جس پر اب مکمل طور پر عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے

پنجابی زبان کو ذریعہ تعلیم بنانے کی تحریک مسترد

لاہور کارپوریشن نے ایک خاص اجلاس میں پرائمری اسکولوں میں پنجابی کو ذریعہ تعلیم بنانے کی تحریک کثرت رائے سے مسترد کر دی ہے۔ اس موقع پر ایوان نے اس رائے کا اظہار کیا کہ ملکی سالمیت اور قومی یکجہتی کے لئے ایک ہی تہذیب اور ایک ہی زبان کو فروغ دینا چاہیئے اور کسی شخص کو لسانی یا دوسرے فتنے پیدا کر کے ملک کی جڑوں کو کھوکھلا نہیں کرنا چاہیئے۔

کارپوریشن کا یہ خاص اجلاس ٹاؤن ہال میں چیرمین میجر جنرل نذیر احمد کی صدارت میں منعقد ہوا۔ کارپوریشن کے گذشتہ اجلاس میں

ایک رکن مسز نرگس جان نے تحریک پیش کی تھی کہ قومی تعلیمی کمیشن کی سفارشات کے مطابق پرائمری اسکولوں میں بچوں کو ان کی مادری زبان میں تعلیم دی جائے۔ اس سفارش کے پیش نظر کارپوریشن کو اپنے پرائمری اسکولوں میں پنجابی زبان رائج کرنی چاہیئے۔

لاہور کارپوریشن کے اس خصوصی اجلاس میں تعلیمی سب کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق جس میں پنجابی زبان کی تحریک مسترد کی گئی ہے سید پناہ علی شاہ اور بیگم نرگس جان کے علاوہ سب ارکان نے اتفاق رائے سے پنجابی کو ذریعہ تعلیم بنانے کی مخالفت کی ہے

پہلے اردو میں خبریں سنئے۔

وزیر تعلیم و اطلاعات جناب فضل القادر چودہری نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ قومی احساسات کے پیش نظر ریڈیو پاکستان سے ۲۳ مارچ سے خبروں کی نشریات پہلے اردو اور بنگالی میں ہوں گی اور بعد میں انگریزی سنائی جائیں گی۔ اس سے پہلے اولیت انگریزی کو حاصل رہی ہے۔

یونین کمیٹی اور اردو

کیمبل پور کی بنیادی جمہوریت کے رکن مسٹر احسان اللہ نے یہ مطالبہ کیا ہے کہ آئندہ سے یونین کمیٹی کیمبل پور کی تمام دفتری کارروائی اردو میں کی جانی چاہیئے۔ جو ہماری قومی زبان ہے اور جس کو رائج کرنا بہت ضروری ہے۔

علمی تعلیمی اور تہذیبی خبریں

ایک ہزار سال قبل مسیح

مغربی پاکستان قدیم تہذیبوں کا ایک ایسا مرکز رہا ہے جس نے ساری دنیا کو اپنے آثار اور تہذیبی سرمایہ سے مالا مال کر دیا ہے۔ ہڑپا اور موئن جو دڑو کے بعد وادیٔ سوات میں جن قدیم آثار کا پتہ چلا ہے اس نے ایک بار پھر ساری دنیا کو مغربی پاکستان کی طرف متوجہ کر دیا ہے۔ اور اس کے متعلق سائنسدانوں اور ماہروں نے بڑی دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ ماہرین آثار قدیمہ نے وادیٔ سوات میں جن آثار کا پتہ چلایا ہے اس کی وجہ سے وسطی ایشیا کے رہنے والے ازمنۂ قدیم کے لوگوں اور ان کی تہذیب و تمدن کے متعلق مفید معلومات حاصل ہوں گی۔ دنیا کے بڑے بڑے اخباروں میں وادیٔ سوات کے آثار قدیمہ کے متعلق نمایاں طور پر خبریں شایع ہوئی ہیں اور پروفیسر جی ٹکی کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔

پروفیسر جی ٹکی کی قیادت میں ایک جماعت گذشتہ سات سال سے وادیٔ سوات میں قدیم آثار کے لئے کھدائی کرتی رہی ہے جس کے نتیجہ میں ایک ہزار سال قبل مسیح کے مقبروں کا پتہ چلا ہے اور ۱۰۹ ایسے مقبروں میں گلدان وغیرہ کی قسم کے آثار دریافت ہوئے ہیں جن سے اس زمانے کے تمدن اور اس کے تاریخی ارتقا کا پتہ چلتا ہے۔

پاکستان کی ۳۲ زبانیں

پاکستان دنیا کے ایسے ممالک میں سر فہرست ہے جہاں سب سے زیادہ زبانیں بولی جاتی ہیں۔ شایع شدہ اعداد و شمار کے

مطابق یہاں ۳۲ زبانیں اور بولیاں بولی جاتی ہیں پاکستان کی سب سے بڑی زبان اردو ہے جو ملک کے کونے کونے میں سمجھی جاتی ہے مادری زبانوں کے اعتبار سے سب سے زیادہ بولی جانے والی بنگالی زبان ہے جسے ملک کے ۵۴ء۴۸ فی صد باشندے بولتے ہیں۔ پنجابی بولنے والوں کا تناسب ۲۷٫۵ فی صد ہے اور دوسری اہم مادری زبانوں میں سندھی، پشتو اور بلوچی زبانوں کا شمار ہوتا ہے انگریزی مادری زبان کے اعتبار سے سب سے کم بولی جاتی ہے اور ایک عام زبان کی حیثیت سے اس کا شمار نمایاں زبانوں میں کیا جاتا ہے

بین الاقوامی تعلیمی ادارہ

پشاور یونیورسٹی کو بین الاقوامی تعلیمی ادارہ بنایا جائے گا۔ اس میں اسلامی علوم اور وسط ایشیا کی زبانوں کی تعلیم کیلئے الگ الگ شعبے ہونگے یہ بات پشاور یونیورسٹی کے وائس چانسلر چوہدری محمد علی نے ایک کانفرنس میں بتائی ہے۔ آپ نے کہا ہے کہ یونیورسٹی میں عربی روسی چینی اور ازبک زبانوں کی تعلیم کا انتظام کیا جائے گا۔ اس مقصد کے لئے حکومت سے دس لاکھ روپیہ طلب کئے گئے ہیں اور ان ممالک سے بھی امداد حاصل کی جائے گی جن کی زبانوں کی تعلیم یہاں دی جائے گی۔

انہوں نے یہ بھی بتایا کہ صدر ایوب کی خواہش کے مطابق اس کو مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کے طرز پر چلایا جائے گا کیونکہ یہی ایک ادارہ ہے جو مسلم یونیورسٹی میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ چوہدری محمد علی نے بتایا کہ موجودہ مالی سال میں اس ادارے کے مختلف کاموں پر اسی لاکھ روپے صرف ہوں گے اور اسی قدر رقم آئندہ سال بھی صرف کی جائے گی۔

سائنسی اور فنی خدمات کا اعتراف

سائنس اور صنعت کی تحقیقاتی کونسل پاکستان کی خصوصی فنی کمیٹی نے جس کے سربراہ صنعتی اور سائنسی تحقیقی کونسل کے صدر جناب ڈاکٹر سلیم الزمان صدیقی ہیں۔ مغربی اور مشرقی پاکستان کے ۵ افراد کو ان کی فنی اور سائنسی خدمات کے اعتراف میں نقد انعامات دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان پانچ انعامات میں سے تین مشرقی پاکستان کے لئے مخصوص ہیں خصوصی کمیٹی کا قیام اور انعامات دینے کا فیصلہ پاکستان حکومت نے سائنسی اور تحقیقاتی کام کرنے والے افراد کی حوصلہ افزائی کے لئے کیا ہے۔ ایسے افراد کو حکومت ان کی ایجادات کے سلسلے میں ہر ممکنہ امداد بھی بہم پہونچائے گی۔

پانچ ہزار روپیہ کا پہلا انعام ڈھاکہ کے مسٹر حیدر علی منتھیر و کو مرچ کا سفوف بنانے والی مشین کی ایجاد پر دیا گیا ہے انہوں نے ملک بوائلر بھی تیار کیا ہے۔

پانچ ہزار روپیہ کا دوسرا انعام نواکھلی کے مسٹر عبدالخالق کو سوتی دھاگہ تیار کرنے والی مشین پر دیا گیا ہے۔

پانچ ہزار روپیہ کا تیسرا انعام بنے ہوئے کپڑے پر ڈیزائن تیار کرنے والی کم خرچ کی مشین کی ایجاد پر دیا گیا ہے۔

اور باقی انعامات جناب تصدق حسین اور لاہور کے تین دیگر افراد کو آب پاشی کے پمپ تیار کرنے پر دیئے جائیں گے

بانگ درا اور پیام مشرق

پشاور۔ یونیورسٹی کی پشتو اکیڈمی نے بانگ درا کا پشتو منظوم ترجمہ شایع کیا ہے ترجمہ

پشتو کے مشہور شاعر راحت زاخیلی نے کیا ہے۔ اکیڈمی اگلے دو ماہ کے بعد حکیم الامت کی دوسری کتاب پیام مشرق کا پشتو شایع کر رہی ہے جو شیر محمد مینوش کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ پشتو کے مشہور شاعر امیر حمزہ خان شنواری پشتو شاعر رحمان بابا کے کلام کا اردو میں ترجمہ کر رہے ہیں یہ دونوں کتابیں پشتو اکیڈمی جلد شایع کریگی۔

بنگالی زبان کا پہلا کالج

مشرقی پاکستان میں بنگالی زبان میں تعلیم دینے والے پہلے ڈگری کالج کے نتائج امید افزا ہیں۔ بنگالی کالج کے پرنسپل جناب مسٹر ابوالقاسم نے بتایا ہے کہ بنگالی زبان میں تعلیم دیئے جانے والے ڈگری کالج میں اس وقت کل ۷۰ طلبا زیر تعلیم ہیں اور وہ اس نئے طریقہ تعلیم سے دلچسپی لے رہے ہیں۔

فنی اور سائنسی کارناموں پر

حکومت آزاد کشمیر نے اپنے شہریوں کے لئے تین ادبی، فنی اور سائنسی انعامات دینے کا اعلان کیا ہے۔ سائنسی تحقیقات کیلئے زراعت۔ طب۔ حیوانیات۔ نباتیات۔ جغرافیہ کیمیا۔ طبعیات کے علاوہ انجینئری اور صنعت میں کارنامے انجام دینے والوں کو انعامات دیئے جائیں گے۔ ادبی انعامات انگریزی۔ اردو اور کشمیری ادب کی اعلیٰ تحقیقات پر دیئے جائیں گے

اقبال عربی میں

لبنان کے وزیر اعظم جناب رشید کرامی نے جو پچھلے دنوں پاکستان کے دورے پر آئے تھے ایک بیان میں فرمایا کہ عربی میں علامہ اقبال کی متعدد تصانیف کے ترجمے ہو چکے ہیں اور اس سلسلے میں عبدالوہاب عزام بے نے بڑی خدمات انجام دی ہیں۔ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ مصری حکومت نے دور حاضر کے جن چار مسلمان رہنماؤں پر کتابچہ شایع کیا ہے ان میں علامہ کا بھی شمار کیا ہے جنہوں نے مسلمانوں کی بیداری میں نمایاں حصّہ لیا ہے۔

شیکسپیئر بلیک میلر تھا

برطانیہ کے ایک نوجوان دانشور مسٹر کیتھ نے دعویٰ کیا ہے کہ انگریزی کا مشہور زمانہ ڈرامہ نگار اور شاعر ولیم شکسپیئر ایک بلیک میلر کے علاوہ اور کچھ نہیں تھا جس کو شرافت سے دور کا واسطہ بھی نہیں تھا۔ انہوں نے اپنے دعویٰ میں کہا ہے کہ عالمی شہرت کے وہ ڈرامے جو شکسپیئر سے منسوب ہیں دراصل سر فرانسس بیکن کی تخلیق تھے۔

اطلاع ہے کہ جناب کیتھ اپنے اس دعویٰ کی تائید میں پچاس ہزار الفاظ پر مشتمل ایک تحقیقاتی مقالہ شایع کر رہے ہیں۔

پاکستان کے دو قومی طغروں پر بنگالی تحریریں

اسمبلی کے بجٹ کے اجلاس میں یہ مطالبہ کیا گیا تھا کہ مختلف قومی طغروں، کرنسی نوٹوں اور سکوں پر بنگالی تحریریں ہونی ضروری ہیں۔ ایک اطلاع مظہر ہے کہ پاکستان کے دو قومی طغروں یعنی قومی اسمبلی اور محکمہ ڈاک کے طغروں پر انگریزی کی جگہ بنگالی تحریر نے لے لی ہے۔

علامہ مشرقی کی شہرۂ آفاق تصنیف

معلوم ہوا ہے کہ چالیس سال کے بعد علامہ عنایت اللہ خاں مشرقی کی شہرۂ آفاق تصنیف "تذکرہ" کی دوسری جلد عنقریب بڑے اہتمام سے شایع ہو رہی ہے "تذکرہ" کی پہلی جلد ۱۹۲۳ء میں شایع ہوئی تھی جو اردو کے علاوہ عربی میں بھی شایع ہوئی تھی۔ جس پر نوبل پرائز کمیٹی نے موصوف کو لکھا تھا کہ اردو نوبل پرائز کمیٹی کی منظور شدہ زبان نہیں ہے۔ اگر اسے کسی یورپین زبان میں ترجمہ کر دیا جائے تو نوبل پرائز کا اعلان کر دیا جائے۔ مشرقی نے تذکرہ کو کسی دوسری زبان میں ترجمہ کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ تذکرہ کی دوسری جلد بہت جلد اعلیٰ تزئین کے ساتھ شائع ہو رہی ہے۔

لڑکیاں اور رومانی ناول

گوجرانوالہ میں ایک ادبی جائزہ لینے سے جو نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ اس کے پیش نظر معلوم ہوا کہ لائبریری سے ناول لے کر پڑھنے والوں میں سے ہر دس میں سے سات لڑکیاں ہوتی ہیں جن کی بڑی تعداد رومانی ناول پڑھنے والیوں پر مشتمل ہے۔

اس آئینہ خانہ میں

صدر ایوب اردو کانفرنس کا افتتاح کریں گے

مغربی پاکستان اسمبلی کے ممبر جناب میر نبی بخش خان زہری نے بتایا ہے کہ مارچ کے مہینے میں منعقد ہونے والی اردو کانفرنس کی صدارت جناب ذوالفقار علی بھٹو فرما رہے ہیں اور اس کانفرنس کا افتتاح کرنے کی درخواست صدر پاکستان فیلڈ مارشل محمد ایوب خاں سے کی گئی ہے۔ اس کانفرنس میں مغربی پاکستان کے مشہور ادیب اور دانشور شرکت کر رہے ہیں جس کا مقصد یہ ہے کہ اردو کو پاکستان میں وہی مقام دیا جائے جس کی وہ مستحق ہے۔

مبین الحق صدیقی کی اپیل

مغربی پاکستان کی اسمبلی کے اسپیکر جناب مبین الحق صدیقی نے عوام پر زور دیا ہے کہ وہ زندگی کے ہر شعبے میں اردو زبان کی ترویج کے لئے جدوجہد کریں تاکہ انگریزی کے اقتدار کو ختم کیا جا سکے۔

اردو کالج اسٹوڈنٹس پارلیمنٹ کے اسپیکر کے نام ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ اردو ہماری قومی زبان ہے اور ہمیں اس کی ترقی میں حصہ لینا چاہیئے۔

عزیز بلوچ کا دورۂ ہیمبرگ

پاکستان کے مشہور موسیقی داں فلسفی اور سائنسداں جناب عزیز بلوچ ہیمبرگ میں اپنے فن کی نمائش کر رہے ہیں اور ان کی مقبولیت میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔

عزیز بلوچ صاحب ہسپانیہ میں پاکستان کے کلچرل اتاشی رہ چکے ہیں۔ اور اپنی خوبیوں کے بدولت لندن کی صوفی سوسائٹی کے

صدر بھی منتخب ہوتے ہیں جس کے ممبر اس وقت ۳۰ ملکوں میں پھیلے ہوتے ہیں۔ آپ نے ایک مذہبی فلسفی کی حیثیت سے اس سوسائٹی میں ایک نئی روح پھونک دی ہے۔ عزیز بلوچ صاحب ایک اہم موسیقار ہیں جنہوں نے چھ تارے پر مختلف قسم کے گیت اور راگ پیش کر کے جرمن اور ہسپانوی باشندوں میں بے حد مقبولیت حاصل کر لی ہے۔

آپ نے اپنی ایک فنی کتاب کی اشاعت سے دنیا میں تہلکہ مچا دیا ہے جس میں آپ نے یہ ثابت کیا ہے کہ ہسپانیہ کا مشہور عوامی گیت اور راگ "کانیٹ فونو" عربی الاصل ہے جس کو ہارون الرشید کے ایک مشہور گویے نے ہسپانیہ میں رائج کیا تھا۔ اس گویے کو ہارون نے اپنے دربار سے نکال دیا تھا۔ یہ راگ بعد میں اسپین کی روزمرہ زندگی کا ایک جزو بن گیا۔

امریکی شاعر

امریکہ کا نامور شاعر پال اینگل نے گذشتہ دنوں لاہور میں کافی اچھا وقت گزارا۔ آپ نے جب اردو تحریر دیکھی تو اس پر فریفتہ ہو گئے اور کہا کہ "یہ رسم الخط بہت حسین و جمیل ہے۔ ایک ہمارا رسم الخط ہے کہ انتہائی بے رنگ اور بھدا ہے"۔ انہوں نے غزلیں سننے کے بعد کہا "اردو میں حروف تہجی کی آوازیں بہت عجیب اور خوب صورت ہیں۔ ہماری زبان میں ایسی بات نہیں ہے"۔ انہوں نے مشاعرہ میں خاص دلچسپی لی اور اس کو ایک حیرت انگیز شاعرانہ تحریک سے تعبیر کیا۔

حکیم نیر واسطی کے تاثرات

حکیم نیّر واسطی نے جو ایک ماہ تک ترکی کی حکومت کے مہمان رہ کر اور ترکی کا دورہ کر کے واپس تشریف لائے ہیں۔ آپ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ حکومت ترکی دونوں ملکوں کے درمیان برادرانہ تعلقات بڑھانے کے لئے ایک تجویز پر غور کر رہی ہے جس کے تحت پاکستان اور ترکی کے درمیان تعلیمی مقاصد کے لئے ہر سال بارہ بارہ طلباء کا تبادلہ کیا جائے گا۔ اس طرح ترکی میں اردو جاننے والوں کے لئے زیادہ سہولتیں میسر ہوں گی کیونکہ انقرہ یونیورسٹی میں اردو کی تعلیم پر پوری توجہ کی جا رہی ہے۔

قدرت اللہ شہاب اور چینی رائٹرز یونین

انجمن مصنفین پاکستان کے سکریٹری جنرل جناب قدرت اللہ شہاب نے پیکنگ میں چینی رائٹرز یونین کو پاکستان کی دس کتابیں تحفہ میں پیش کیں۔ وہ یونین کے دفتر میں ایک تقریب میں شرکت کرنے گئے تھے۔

چینی رائٹرز یونین چینی مصنفین کی قومی انجمن ہے جس کے چار سو کے قریب ممبر ہیں۔

چار زبانیں اور ایک طالب علم

مغربی پاکستان ریلوے کے وزیر جناب عبدالوحید خاں صاحب نے ڈون بوسکو ہائی اسکول لاہور کے سالانہ اجلاس کی (صدارت) کرتے ہوئے فرمایا۔ عوام میں تعلیم حاصل کرنے کا جذبہ پھیل رہا ہے مگر اچھے ٹیچروں کی افسوسناک حد تک کمی ہے۔ آپ نے مزید کہا کہ اگر بچوں کو مادری زبان میں تعلیم دی جائے تو ان کی شخصیت بن سکتی ہے مگر ہمارے یہاں طالب علم کو چار زبانیں سیکھنی پڑتی ہیں گھر میں وہ علاقائی زبان بولتا ہے۔ سماجی حلقوں میں قومی زبان۔ دفتری کاموں میں انگریزی اور مذہبی تعلیم میں عربی سیکھتا ہے جو اس کی

ذہنی نشوونما میں رکاوٹ بن جاتی ہے ۔

حکیم احمد شجاع کی اپیل

اردو کے مشہور ڈرامہ نگار حکیم احمد شجاع نے صاحب ثروت افراد سے کہا ہے کہ وہ ادیبوں کی سرپرستی کریں ۔ انہوں نے کہا جب تک ادب کو سمجھنے والے اپنی نجی محفلوں میں اردو ادب کو موضوع سخن نہیں بنائیں گے اس وقت تک اردو ادب کی ترقی ممکن نہیں

آپ نے اپنے بیان میں فرمایا کہ پرانے زمانے میں اردو کی ترقی کا راز یہی تھا کہ صاحب ثروت حضرات اردو ادب اور ادیبوں کی سرپرستی کیا کرتے تھے ۔

یہ تقریب انجمن پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام ان ہی کے اعزاز میں منعقد کی گئی تھی ۔

جمہوریت کا احترام

کراچی کے ایوانِ تجارت وصنعت کی عید ملن پارٹی کے موقعہ پر وزیر اطلاعات وخوراک وزراعت محنت وسماجی بہبود جناب فضل القادر چودھری نے جو اس تقریب میں مہمان خصوصی تھے ۔ تقریر کرنے سے قبل کہا کہ پاکستان کی قومی زبانیں دو ہیں بنگالی اور اردو اور مجھ سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ میں قومی زبان میں تقریر کروں چونکہ یہاں اکثریت اردو سمجھنے والی ہے اور میں جمہوری آدمی ہوں اس لئے جمہوریت کے احترام میں اردو میں تقریر کروں گا ۔

ان کے اس اعلان کا خیر مقدم پرجوش تالیوں سے کیا گیا مگر فضل القادر صاحب پوری تقریر اردو میں نہ کر سکے اور آدھی تقریر کے بعد انگریزی پر آگئے ۔

یادوں کے چراغ

دو مشہور شخصیتیں

۹ر فروری ایک ایسی تاریخ ہے جس میں دو اہم ترین شخصیتوں نے اس دارفانی سے کوچ کیا تھا ۔

سندھ کے مشہور صوفی شاعر سچل سرمست جن کے سرمدی نغموں سے آج تک وادیٔ مہران گونج رہی ہے اور جن کی روشن کی ہوئی شمعوں سے آج تک محبت اور معرفت کی کرنیں پھوٹ رہی ہیں ۔ اسی تاریخ کو رحلت فرما گئے تھے ۔ سندھ میں اس صوفی شاعر کی برسی کے موقع پر ہر جگہ محفلیں منعقد ہوئیں جن میں اس عظیم شاعر کو خراج تحسین پیش کیا گیا ۔

آج ہی کے دن مشہور ادیب نواز اور نثر نگار شیخ عبد القادر نے بھی رحلت کی تھی جن کی یاد سے علم وادب کی پوری تاریخ وابستہ ہے ۔ اردو زبان پر شیخ صاحب کے بے شمار احسانات ہیں جن کی یاد تازہ کرنا ہمارے علمی اور ادبی اداروں کے لئے بہت ضروری ہے

یوم غالب

مجلس ترقی اردو پشاور عید الفطر کے بعد یوم غالب منا رہی ہے جس میں مقامی شعراء اور ادیب شرکت کریں گے اور اردو کے

مشہور شاعر مرزا اسد اللہ خاں غالب کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔

بزم ادب ممتاز کالج خیرپور نے پہلی بار یوم غالب منایا۔ اس موقع پر طلباء اور طالبات نے غالب کی زندگی اور ان کے کلام کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔

ادارۂ ادب لطیف

حیدرآباد میں ایک ایسا ادارہ قائم کیا گیا ہے جو سندھی ادب کو شاہ لطیف۔ بیدل اور سچل سرمست کے کارناموں کی صورت میں پیش کرے گا اور ان قدیم ادبی ورثوں کی حفاظت اور اس کی اشاعت کا ذمہ دار ہوگا۔ ادارہ کا نام ادب لطیف رکھا گیا۔

حمید نظامی اسکالرشپ

راولپنڈی کے ممتاز ڈاکٹر کیپٹن حسن علی قریشی نے ایک اسکالرشپ کا اعلان کیا ہے جو پانچ سو روپیہ پر مشتمل ہوگا اور ایسے صحافی کی اولاد کو دیا جائے گا جس نے میٹرک نمایاں کامیابی سے پاس کیا ہو اور انجینئرنگ اور میڈیکل کی اعلیٰ تعلیم کا خواہش مند ہو۔ یہ اسکالرشپ حمید نظامی اسکالرشپ کہلائے گا۔

رحمٰن بابا کی برسی

پشتو رائٹرز گلڈ نے یہ طے کیا ہے کہ مشہور شاعر رحمٰن بابا کی برسی بڑی شان و شوکت سے منائی جائے گی جس کے لئے ایک خاص کمیٹی مقرر کی گئی ہے جو اس موقع پر ہونے والے پروگرام مرتب کرے گی اور ان کو پیش کرنے کا اہتمام بھی کرے گی۔

ماتم میں ہم شریک

اثر رام پوری رخصت ہو گئے

علمی اور ادبی حلقوں میں یہ خبر نہایت افسوس کے ساتھ سنی جائے گی کہ ۲۰ جنوری کو محمد علی خاں اثر رام پوری عارضۂ فالج میں طویل عرصہ تک مبتلا رہنے کے بعد انتقال فرما گئے۔ مرحوم ۱۸۹۳ء میں رام پور میں پیدا ہوئے تھے۔ ان کے والد کا نام محمد شفیع خاں مجذوب تھا اور ان کے دادا بھی ایک خوش گو شاعر تھے۔

اثر صاحب کی مشہور تصانیف میں ذخیرۂ معلومات ارمغان پارس۔ انشائے جدید۔ دیش کے گیت۔ سدھ بے نظیر اور تذکرۂ شاعران رام پور بہت مشہور ہیں۔ آپ ایک نہایت اعلیٰ درجے کے خوش نویس تھے۔ آپ کی ادبی خدمات فراموش نہیں کی جا سکیں گی اور آپ کی جگہ پر کرنا آسان نہیں ہوگا۔

اثر رام پوری کے انتقال سے رام پور میں ایک علمی اور ادبی تحریک کا خاتمہ ہوا ہے جس کے غم میں ہم برابر کے شریک ہیں۔

مشرقی پاکستان کے ممتاز اور ہونہار ادیب کا انتقال

ڈھاکہ کی اطلاع مظہر ہے کہ اردو ادب کے ایک ہونہار ادیب اور ڈھاکہ میں اردو کے نوجوان پروفیسر ارشد کاکوی کا پٹنہ میڈیکل

کالج کے اسپتال میں انتقال ہوگیا۔ مرحوم کو سرطان کا عارضہ تھا جس کے علاج کے لئے انہیں پٹنہ منتقل کر دیا گیا تھا۔

ارشد کاکوی کی موت کو اردو ادب کے لئے ایک سانحہ قرار دیا جا سکتا ہے۔ یہ نوجوان اور ذہین ادیب ادب کے اعلیٰ حلقوں میں غیر معروف نہیں تھا اور اس کے کئی مضامین ہند و پاک کے بلند رسائل میں شائع ہوتے رہے ہیں

جگن ناتھ کالج ڈھاکہ کے اساتذہ اور طلبہ کے ایک مشترکہ اجلاس میں پروفیسر ارشد کاکوی کی اچانک موت پر رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور مرحوم کے لئے دعا کی گئی۔ ارشد کاکوی اسی کالج میں عربی اردو اور فارسی کے شعبے میں کام کرتے تھے۔

اسی قسم کے تعزیتی جلسے سید پور اور دوسری جگہوں پر بھی برپا کئے گئے ہیں۔

مہاشہ کرشن کی رحلت

بھارت کے ایک ممتاز اردو صحافی اور روزنامہ "پرتاپ" کے مالک اور مدیر مہاشہ کرشن دہلی میں بیاسی برس کی عمر میں وفات پا گئے۔

مہاشہ جی وزیر آباد کے رہنے والے تھے اور آپ نے اسلامیہ کالج اور ایف سی کالج لاہور میں تعلیم حاصل کی تھی۔ مہاشہ کرشن گاندھی جی سردار پٹیل اور پنڈت نہرو کی طرح پاکستان کے ان دشمنوں میں بہت نمایاں تھے جن کی مخالفت کی وجہ سے پاکستان کے حصول میں مزید آسانیاں پیدا ہوگئیں۔ آپ اردو کی مخالفت آخر دم تک اردو ہی میں کرتے رہے۔

مہاشہ کرشن اردو میں ایک خاص طرز کی صحافت کے بانی تھے جس کے نقوش آج بھی لاہور کے اخبارات میں نمایاں ہیں۔

مہاشہ کرشن کی وفات کی وجہ سے اردو صحافت کو سخت نقصان پہنچا ہے۔

اِدارہ مُصنفین (حلقہ سکھر) کی شاندار پیش کش

بابائے اُردُو

وادی مہران میں

بابائے اردو کی تقریروں اور غیر مطبوعہ خطوط اور ان سے متعلق مضامین

کا مجموعہ

مرتبہ

آفاق صدیقی

ملنے کا پتہ:- ادارہ مصنفین (ذیلی حلقہ) پرانا سکھر

اردو ڈرامہ کی تاریخ و تحقیق میں گراں قدر اضافہ

اردو تھیٹر

شائع کردہ:- انجمن ترقی اردو پاکستان - کراچی

ڈاکٹر عبدالعلیم نامی
پرنسپل اورینٹل کالج بمبئی

اس تحقیقی مقالے میں اردو ڈرامے کی عہد بہ عہد تاریخ بیان کی گئی ہے فن ڈرامہ، ڈرامہ نگاروں، تھیٹروں اور ڈرامہ کمپنیوں کے بارے میں تمام تفصیلات مستند مآخذ کی روشنی میں بیان کی گئی ہیں۔ اردو ڈرامے کے بارے میں یہ پہلی جامع کتاب ہے جس میں موضوع کے ہر پہلو پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ یہ مقالہ دراصل ڈرامے کا انسائیکلوپیڈیا ہے۔ اب تک اس کی تین جلدیں شائع ہو چکی ہیں۔ پہلی جلد میں ابتدائی ڈرامہ نگاری کا جائزہ لیا گیا ہے۔ دوسری جلد میں ۱۸۵۳ء سے لے کر ۱۹۲۰ء تک کے ڈرامہ نگاروں کے حالات اور ان کے ڈراموں کے بارے میں معلومات دی گئی ہیں۔ اور تیسری جلد میں ۱۹۲۱ء سے لے کر ۱۹۶۰ء تک اردو ڈرامہ کی تاریخ پیش کی گئی ہے

قیمت فی جلد سات روپے

نئی مطبوعات

قومی زبان کے ہر شمارے میں نئی کتابوں کے بارے میں معلومات دی جاتی ہیں۔ ناشرین اور مصنفین سے استدعا ہے کہ وہ اپنی تازہ مطبوعات کے بارے میں ہمیں مطلع کرتے رہیں اس بار ایسی کتابوں کی فہرست شائع کی جا رہی ہے جو ۱۹۶۲ء میں شائع ہوئیں (ادارہ)

سیرت النبیؐ ۲ جلد	(سیرت رسولؐ)	مرتبہ ابن ہشام ترجمہ مولانا عبد الجلیل صدیقی، مولانا غلام رسول مہر	شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور
زاد المعاد " "	(" ")	مصنفہ علامہ حافظ ابن قیم مترجمہ رئیس احمد جعفری	نفیس اکیڈمی کراچی
فاتح اعظم حضرت عمرو بن العاصؓ	(سوانح)	" محمد فرج مصری مترجمہ محمد احمد پانی پتی	" "
فتنۂ اسلام	(مذہب)	" حسین احمد الخطیب مترجمہ سید رشید احمد ارشد	" "
انسان کامل	(")	" سید عبد الکریم بن ابراہیم جیلانی مترجمہ مولانا فضل میراں	"
عہد روزولٹ	(سیاسی)	" کیمبل جانسن مترجمہ یونس احمر	"
معراج العاشقین	(تصوف)	خواجہ بندہ نواز گیسو دراز مرتبہ تحسین سروری	دکن درویش منت کراچی
امام ابو حنیفہؒ	(سوانح)	" محمد ابو زہرہ مترجمہ رئیس احمد جعفری	شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور
امامت و سیاست	(سیاسی)	" رئیس احمد جعفری	" "
ظہیر الدین بابر اور اس کا عہد	(سوانح و عہد)	" ولیم ارسکن مترجمہ حسین انور	"
بابر شیر ببر	(تاریخ)	" ہیرلڈ لیم مترجمہ سید ہاشمی فرید آبادی	" "
دیوان جوہر	(شاعری)	" مولانا محمد علی جوہر	" "
آخری مشورہ	(خط)	" " مع دیباچہ مولانا شوکت علی	کتابی مرکز حیدرآباد کراچی
تاثرات و تعصبات	(ادب و تنقید)	" نظیر صدیقی	شعبۂ تحقیق و اشاعت مدرسہ لیہ ڈھاکہ
تنقیدی زاویے (نیا ایڈیشن)	(تنقید)	" ڈاکٹر عبادت بریلوی	اردو اکیڈمی سندھ کراچی
موازنۂ انیس و دبیر (")	(")	" شبلی نعمانی	" " "
ہفت کشور	(شاعری)	" جعفر طاہر	پاکستان رائٹرز گلڈ کراچی
جاگتے جزیرے	(")	" احمد احسن اشک	" " "
آنگن	(ناول)	" خدیجہ مستور	کتاب نما۔ لاہور
منٹو کے خطوط	(مکاتیب)	مرتبہ احمد ندیم قاسمی	" "

تلاشِ بہاراں (نیا ایڈیشن)	(ناول)	مصنفہ جمیلہ ہاشمی	اردو اکیڈمی سندھ کراچی
زادِ راہ "	(افسانے)	" منشی پریم چند	" " "
تعارف مضامین قرآن	(مذہب)	" سلیم الدین شمسی	مکتبہ رومی " ۵/-
مشاہیر اسلام موت کے آغوش میں	(تاریخ)	" عبدالرحمن فارق	دارالبلاغ لاہور ۵/-
مونا لیزا	(ناولٹ)	" زرنجن تسنیم	مکتبہ نگارش امرتسر
ادبیاتِ لاہور	(تذکرہ)	محمد لطیف ملک	سنگ میل پبلیکیشنز لاہور ۸/-
معارف الآثار	(تصوف)	لفٹیننٹ کرنل خواجہ عبدالرشید	ندوۃ المصنفین اردو بازار دلی
نیل سے فرات تک (مصر، شام، عراق وغیرہ کے کچھ حالات و مشاہدات)		محمد اقبال انصاری	مکتبہ برہان اردو بازار دلی
سکندر اعظم	(تاریخ و سوانح)	مصنفہ ہیرلڈ لیم مترجمہ - مولانا غلام رسول مہر	مکتبہ جدید - لاہور ۸/-
جل ترنگ (نیا ایڈیشن)	(شاعری)	قتیل شفائی	" "
نشانِ سحر	(ناول)	قدوس رعنائی	مکتبہ اردو "
گلشنِ بے خار	(تذکرہ)	مصنفہ نواب محمد مصطفیٰ خاں شیفتہ مترجمہ احسن الحق فاروقی -	پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس کراچی ۱۸/-
مشرق و مغرب کو ملنا ہی پڑے گا	(مذاکرہ)	" بنجمن براؤن مترجمہ - سید ہاشمی فرید آبادی	مکتبہ فرینکلن لاہور
چہ دلاور است دزدے	(جاسوسی کہانیاں)	" ایڈگر ایلن " ابن انشا	" "
دہ بیضوی تصویر	(کہانیاں)	" " " "	" "
آلِ محمدؐ کربلا	(تاریخ)	" عمر ابوالنصر " شیخ محمد احمد پانی پتی	مقبول اکیڈمی "
علیؓ اور عائشہؓ	(")	" " " "	" " "
قرآن میں نظام زکوٰۃ از معارف القرآن	(مذہب)	مفتی محمد شفیع	ادارۃ المعارف کراچی ۵/-
حضرت ابوذر غفاریؓ	(سوانح)	مناظر احسن گیلانی -	نفیس اکیڈمی "
علمِ مجلسی یا شعروں کی ڈکشنری	(حصہ اول تا ہشتم مکمل سیٹ)	مؤلفہ عزیز الرحمن	ادارہ علم مجلسی "
آتشِ سیال	(شاعری)	عارف عبدالمتین	بک ورلڈ لاہور
مقالات گارساں دتاسی	(مقالات)	ترجمہ ڈاکٹر یوسف حسین خاں و عزیز احمد نظرثانی ڈاکٹر محمد حمید اللہ	انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی
ایڈولف ایشمین	(سوانح)	مؤلف شکیل احمد ضیاء	مکتبہ ارتقائے ادب کراچی
عرضِ نغمہ		رابندر ناتھ ٹیگور کے مشہور مجموعہ نظم گیتانجلی کا اردو ترجمہ از نیاز فتح پوری	نگار پاکستان "
مشکلاتِ غالب	(شرح)	"	" " "
برگِ خزاں	(منظوم ڈرامے)	عبدالعزیز خالد	مطبوعات مشرق "
گل نغمہ		رابندر ناتھ ٹیگور کی گیتانجلی اردو شعر میں از عبدالعزیز خالد	" " "

سلسلہ نمبر ۲

گنج ہائے گراں مایہ

مخطوطات انجمن ترقی اردو کی وضاحتی فہرست

۱	دیوان عیش	مرزا علی عیش
۲	کرامات نامہ	مصنفہ دائم
۳	مثنوی باغ ایمان	مصنفہ تشفی
۴	مثنوی ایمان درپن	مصنفہ الفت

مرتبہ
افسر صدیقی امروہوی

اب تک حسب ذیل مخطوطات پر توضیحی حواشی شائع کیے جا چکے ہیں

۱	مثنوی اسرار محبت	محبت بریلوی
۲	مثنوی محیط الحقائق	رام جس محیط
۳	وصیت نامہ	
۴	دیوان حقیقت	شاہ حسین حقیقت
۵	مثنوی بحر الفت	واجد علی شاہ اختر
۶	قصہ حضرت سلیمان وبلقیس	اعزالدین ناقی
۷	دیوان عیش	طالب علی خاں عیش
۸	مجموعہ حکایات	
۹	دیوان عیش	حکیم آغا جان دہلوی
۱۰	چارگلشن غوثیہ	شیخ احمد حسرت کرنولی
۱۱	دیوان اوج	عبداللہ خاں اوج سردھنوی
۱۲	دیوان حیرت	سید ابوالحسن حیرت

دیوانِ عیش

سائز ۸½ × ۴½ صفحات ۶۰ سطور ۱۵ سنِ تصنیف × سنِ کتابت ۱۱۹۶ھ

اس سے قبل حکیم آغا جان عیشؔ دہلوی کے دیوانِ قلمی کا ذکر کیا جا چکا ہے۔ اس دیوان کے مصنف وہ نہیں ہیں، ایک اور عیشؔ ہیں جن کا زمانہ حکیم آغا جان سے تقریباً نصف صدی پہلے کا ہے، ان کا نام مرزا علی عیشؔ ہے۔ بارہویں صدی کے اکثر تذکروں کی چھان بین کی گئی لیکن ریاض الفصحا کے سوا کسی میں مرزا علی عیشؔ کے حالات درج نہیں۔ ریاض الفصحا میں بھی صرف ان کا نام لکھ کر ایک مطلع درج کر دیا ہے ؎

بات اب امتحان پر آئی　　　قصہ کوتاہ جان پر آئی

اس مطلع کے دونوں مصرعے عیشؔ کے اس دیوان میں دو مختلف موقعوں پہ درج ہوئے ہیں یعنی مصرع اول مقطع کا اور مصرع دوم مطلع کا مصرع دوم ہے، مطلع و مقطع اس طرح ہے ؎

اب مصیبت اذہان پر آئی　　　قصہ کوتاہ جان پر آئی

عیشؔ تکرار تجربہ کا نہ کر　　　بات اب امتحان پر آئی

